جب خشک ہو جائیں تو ایک کانٹا لے جس سے سونا اور دوائیں تولی جاتی ہیں اور اس میں ایک ایرانی روپیہ چاندی کا جو چو کھونٹا ہو اس پر ایک طرف کلمہ شریف اور ایک طرف بادشاہ کا نام ہوتا تھا پورے ایک تولہ کا ہو اس کو ایرانی لوگ فروخت کرتے پھرتے ہیں اس روپے پہ ایک مرتبہ بسم اللہ شریف اور دس مرتبہ سورۃ فاتحہ اسی طریقے سے یعنی بسم اللہ کی میم ملا کر پڑھے اور اس روپے پر دم کرے اس وقت تک یہ روپیہ کانٹے میں پڑا رہنے دے جب تک یہ کام مکمل نہ ہو جائے اور جو لوگ وہاں بیٹھے ہیں جن پر شبہ ہے ان کو ایک ایک تولہ چاول مگ اگر ہیں تو ڈال تول کر دیا جائے۔ اور چبانے کو کہے جو چور ہے نہیں چبائے جائیں گے اور اگر چبالیے تو تھوکنے پر خون کے رنگ کے نکلیں گے اگر وہ اس پر اصرار کرے کہ میرے مسوڑھے دکھ رہے ہیں یا میرے منہ میں پان تھا تو منہ صاف کرا کر جتنی مرتبہ چبانے گا اسی رنگ کے چاول نکلیں گے تجربہ مجرب ہے۔

متفرقات

عمل

(برائے جملہ حاجات)

ترکیب:- اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھے تمام حاجات کے لیے مجرب ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶	۱۲۴۸۹۱	۱۸۳۰
۳۶	۱۲۲۴۹۳۰	۱۱۳
۱۱۳	یا باسط احب یا جبرائیل	۴۲۰

(اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ)

دیگر

(برائے درد)

عمل سورۃ الفاتحہ:- اگر بدن میں درد ہوتا ہے طشتری میں معہ بسم اللہ کے سورۃ فاتحہ لکھے۔ بعدہٗ تل کا تیل طشتری میں ڈالے تل کے تیل پر ستر بار

سورۃ الفاتحہ پڑھے اس کے بعد تیل کو شیشی میں بھر کر محفوظ رکھے اور درد کی جگہ پر مالش کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بحکمِ خدا درد دفع ہوجائے گا مجرب ہے۔

دیگر

(برائے سخت مشکل وبیماری)

ترکیب:۔ اگر کسی شخص کو کوئی سخت حاجت درپیش ہے۔ اور وہ اس میں سخت پریشان ہو تو اس کو چاہیے کہ اس نقش مبارک کو اس طریقے سے جو آگے آرہا ہے عمل میں لائے کہ عروجِ ماہ نوچندی اتوار کو صبح کے وقت چار بجے غسل کریں اور کم از کم پانچ گز یا سوا پانچ گز لمبا احرام لٹھے کا لے کر باندھیں اور اول آخر ۱۱ ۱۱ مرتبہ درود شریف اور ۸۶، مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر اس نقش مبارک کو سیاہی سے لکھے۔ ۲۱ بار یعنی ۲۱ نقش اور پھر ان کی آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے۔ سورج نکلنے سے لے کر غروب آفتاب تک یعنی سورج چھپنے سے پہلے پہلے جب جب وقت ڈال آئے اور جب اکیس روز پورے ہوں جائیں تو پھر بسم اللہ شریف کو اول آخر بسم اللہ شریف کو پڑھ لیا کریں۔ اور یہ تعویذ جو لکھ کر آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے۔ بت انار کی لکڑی کا قلم ہو نقش لکھنے کے وقت ایک خاص جگہ مقرر کر لی جائے گی اور اسی جگہ روزانہ بیٹھ کر یہ نقش لکھے جائیں گے۔ جب اس کا عامل ہوجائے یعنی اکیس روز پورے ہوجائیں تب اگر اپنی سخت مشکل کے لیے یہ عمل کرے گا۔ تو اسی طرح پر کرنا چاہیے نوچندی اتوار علی الصبح چار بجے غسل کرے احرام باندھے اور

یہ نقش اسی طریقے سے لکھے اور اس نقش کو اپنے سامنے رکھ لے اور اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور ۸۶، مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر اپنے دلی مقصد کے لیے دعا مانگیں درگاہ قاضی الحاجات میں اور جب دعا مانگ چکے تو تعویذ کو لپیٹ کر موم جامہ کر کے عطر وغیرہ لگا کر کسی ڈبیہ میں رکھ کر اپنی جیب میں رکھیں اور باطہارت ہر وقت رہیں اور وضو ہو بہت ہی اچھا ہے سات یوم اس عمل کو کریں جیسے پہلے دن کیا تھا یہی عمل ڈبیہ میں سے تعویذ کو نکال کر سامنے رکھ کر ہر روز کیا جائے اور پھر اس کو اپنے پاس رکھا رہنے دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دلی مقصد پورا ہوگا۔ اور اگر کوئی بیمار ہے تو نیا نقش لکھ کر سات یوم اس نقش کو گھول کر پلائیں بیمار اچھا ہوجائے گا۔ اور جو شخص خلاف یا ناراض ہو تو سات یوم پلانے سے عمر بھر وفاداری کا جذبہ پیدا ہوجائے گا۔ عمر بھر وفادار اور غلام رہے گا۔

پرہیز: جس روز سے یہ عمل شروع کریں ترک حیوانات جلالی وجمالی کریں یعنی گوشت انڈا مچھلی پیاز دودھ گھی گڑ تیل وغیرہ صرف نمک کی روٹی ابلی ہوئی دال چنے کی اور اُبلی ہوئی ترکاریوں مٹھاس اور پھل وغیرہ استعمال کر سکتا ہے اور اس دورانِ عمل شرع کے خلاف کوئی بات نہ ہونے دے اور دال کوری ہانڈی لے کر اس میں پکائے اور پانی اپنے استعمال کا خود لائے (نوٹ) نقش بھرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے کاغذ کے اوپر کی طرف بسم اللہ شریف کا نقش بھرے اور پھر اس نقش کی پشت پر بالکل اسی طرح اس نقش کو بھرنا شروع کرے یعنی جس خانے میں بسم اللہ لکھی ہے اسی طرح میں پشت کی طرف ۱۸۹ ہوگا اور بالترتیب ۲۰۴ تک ختم کریں مجرب المجرب ہے (نقش صفحہ ۲۷۹ پر دیکھیے)

وہ نقشِ مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

الرحیم ۸	الرحمٰن ۱۱	اللہ ۱۴	بسم ۱
بسم ۱۳	اللہ ۲	الرحمٰن ۷	الرحیم ۱۲
الرحمٰن ۳	الرحیم ۱۶	بسم ۹	اللہ ۶
اللہ ۱۰	بسم ۵	الرحیم ۴	الرحمٰن ۱۵

۱۹۶	۱۹۹	۲۰۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲۰۴	۱۹۷	۱۹۴
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب :۔ ہر حاجت کے واسطے یہ نقش بہ ضعفی کا موم جامہ کرکے بازو پر باندھے جو حاجت رکھتا ہو گا انشاء اللہ تعالیٰ پوری ہو گی۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

۲۸۲	۲۸۵	۲۸۹	۲۷۵
۲۸۸	۲۷۶	۲۸۱	۲۸۶
۲۷۷	۲۹۱	۲۸۳	۲۸۰
۲۸۴	۲۷۹	۲۷۸	۲۹۰

دیگر

(برائے ہر کام)

ترکیب :۔ یہ نقش حزب البحر کا ہے ہر کام کے واسطے بے حد مجرب ہے اور آزمودہ ہے لکھ کر بازو پر باندھے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۱۴۰۲	۴۱۴۰۵	۴۱۴۰۹	۴۱۳۹۵
۴۱۴۰۸	۴۱۳۹۶	۴۱۴۰۱	۴۱۴۰۶
۴۱۳۹۷	۴۱۴۱۱	۴۱۴۰۳	۴۱۴۰۰
۴۱۴۰۴	۴۱۳۹۹	۴۱۳۹۸	۴۱۴۱۰

دیگر

(برائے ہر مقصد)

ترکیب :۔ ہر مقصد کے لیے یہ نقش اللہ الصمد کا ہے لکھ کر بازو پر باندھے۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

۵۷	۶۰	۶۴	۵۰
۶۳	۵۱	۵۶	۶۱
۵۲	۶۶	۵۸	۵۵
۵۹	۵۴	۵۳	۶۵

دیگر

(برائے پیچش و ہر کام)

ترکیب :- ہر کام کے واسطے مجرّب ہے۔ مریض کو اگر پیچش ہو تو اس کو تین نقش روزانہ لکھ کر پلائے کاغذ کو بھی نگل جائے۔

نقش یہ ہے :-

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

دیگر

(برائے ہر دفع مہمات)

ترکیب :- یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ اگر بعد تکبیر دو ہزار ایک سو بائیس مرتبہ سات روز تک برابر پڑھے اور ایک ہی جلسے میں تمام مہمات آسان ہو جائیں گی اور اگر بیماری جسم کی شکایت ہے تو اس حالت میں بھی فائدہ بخش ہے اور اگر باغ میں پھل نہ آتے ہوں تو اس اسم کے پڑھنے سے باغ میں خوب پھل آئیں گے اور جملہ آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رہے گا اور اگر کسی کا دل پریشان و مضطرب رہتا ہو تو بعد تکبیر ۴۸ دم مرتبہ پڑھنے سے دل کی پریشانی اور اضطراب جاتا رہے گا۔ اور جمعیت خاطر حاصل

ہو جائیگی اور اس دعا کو انتہائی تنگی و پریشانی کی حالت میں پڑھنا چاہیے اس دعاء کا پڑھنے والا صاحب جمعیت ہو جائے گا اور پھر دوسری بار افلاس کی حالت نہ ہوگی

دیگر

(برائے فتوحات)

ترکیب :- جو شخص چاہے کہ اسے دستِ غیب حاصل ہو تو اس کو لازم ہے کہ عروج ماہ نوچندی جمعرات سے اس عمل کو شروع کرے اور چالیس روز تک برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ دستِ غیب حاصل ہوگا وہ اسم مبارک یہ ہے۔

یَا مُنْعِمُ

ہر روز دو سو گیارہ بار پڑھا جائے گا مجرب ہے اس کے اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ بار درود شریف پڑھنا بہت ضروری ہے دستِ غیب سے مراد ہے جو کام شروع کیا جائے گا قدرتی اسباب پیدا ہوں گے۔

دیگر

(برائے دفع تنگی و پریشانی)

ترکیب :- اگر کوئی شخص اپنے رزق کیلئے تنگ ہو یعنی معاش کی تنگی اور پریشانی میں مبتلا ہو تو اس کو چاہیے کہ تہجد کی رکعتیں پڑھنے کے بعد اس اسم مبارک یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُّ کو دو سو بیالیس بار پڑھے اور اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف

پڑھے اگر تہجد کے وقت کا اہتمام نہ ہو سکے تو مجبوری میں بعد نماز عشاء پڑھے۔ رزق کی تنگی و پریشانی اللہ تعالیٰ دور فرمائیں گے۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ غنی تونگر ہو جائیگا یک جہ یک برابر پڑھے اس کو عروج ماہ نوچندی جمعرات سے شروع کرے۔

دیگر

(برائے ہر کام)

ترکیب :- یہ نقش بھی حزب البحر کا ہے ہر کام کے واسطے مجرب ہے اور بیمار کیسے بھی بہت ہی اکسیر ثابت ہوا ہے۔ اس نقش مکرم کو لکھ کر موم جامہ کر کے بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ یہ کام پورا ہوگا اور اگر بیمار کو دینا ہے تو چینی کی طشتری پر یا کاغذ پر لکھ کر گھول کر پلائیں اگر کاغذ پر لکھا ہے تو پہلے کاغذ کو نگل کر اوپر سے پانی دھوئے ہوئے نقش کا پی لیں اور اگر کسی کو نظر بد یا جنات و شیاطین کا اثر ہو گیا ہے تو یہ نقش لکھ کر اس کا فتیلہ بنا کر ایک رکھی یا پیالہ میں آگ رکھ کر اس فتیلہ کا سرا ان انگاروں پہ رکھے اور مریض کو چادر یا دوپٹہ اوڑھا کر بٹھادے اور اس کی دھونی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ شر یا نظر دفع ہو جائیگا مجرب ہے وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۱۶۷۵	۴۱۶۶۸	۴۱۶۸۵	۴۱۶۶۲
۴۱۶۸۶	۴۱۶۹۱	۴۱۶۷۶	۴۱۶۸۷
۴۱۶۸۰	۴۱۶۶۳	۴۱۶۹۰	۴۱۶۷۷
۴۱۶۶۵	۴۱۶۷۸	۴۱۶۷۹	۴۱۶۸۴

کل اعداد ۱۶۶۷۳۰

دیگر

(برائے دفع حبِّ مخلوق)

ترکیب :- جس شخص پر مخلوق کی محبت غالب ہو تو اس کو چاہیے کہ کسی پاک طشتری پر اللہ تعالیٰ کے ان ناموں کو لکھے جن میں حرف یا (ی) ہو جیسے کَرِیْمٌ۔ رَحِیْمٌ، حَفِیْظٌ اور مثل اس کے کہ جن ناموں میں (ی) ہو پھر زبان سے اس طشتری کو چاٹے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل سے مخلوق کی محبت جاتی رہے گی طشتری کو لکھ کر نہار منہ چاٹے اور جب تک چاٹتا رہے جب تک اس کے دل میں محبت کا جذبہ باقی رہے چاٹتے وقت یہ نیت کرنا بھی ضروری ہے کہ میرے دل سے محبتِ دنیا جاتی رہے۔

دیگر

(عمل برائے توفیق طاعت)

ترکیب :- جو شخص اس دعا کو یَا وَدُوْدُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کو سفید ریشمی کپڑے کے ٹکڑے پر لکھ کر اپنے پاس رکھے اور موم جامہ کر کے اس ٹکڑے کو عطر میں بسالے تو اللہ تعالیٰ عبادت کرنے کی توفیق عطا فرمائے گا نیز شیاطین کے مکر و فریب سے بچائے گا اور لوگوں کے قلبوں میں اس کی ہیبت ڈالے گا اس عمل کو جمعہ کی نماز کے بعد اُسی مقام پہ بیٹھ کر کیا جائے گا۔

انشاء اللہ تعالیٰ عبادت کی توفیق عطا ہوگی، مجرب ہے اور اسباب رزق میں آسانی اور سہولت ہوگی۔

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب:۔ یہ دونوں نقش مربع و مثلث یَا قَیُّوْمُ کے ہیں ہر حاجت کے لیے کارآمد ہیں مشک و زعفران سے باوضو لکھ کر بازو پر باندھے مثلث کام میں لائے یا مربع دونوں میں سے کوئی سا لے کر تجربہ کرے مفید ثابت ہوگا۔

وہ دونوں نقش یہ ہیں۔

۷۸۶ (یہ نقش مربع ہے)

۲۸	۴۲	۴۵	۲۱
۴۴	۳۲	۲۷	۴۳
۳۳	۴۰	۳۰	۲۶
۴۱	۳۵	۳۴	۴۶

۷۸۶ (یہ نقش مثلث ہے)

۵۳	۴۸	۵۵
۵۴	۵۲	۵۰
۴۹	۵۶	۵

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب:۔ یہ نقش مکرم:۔

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ قَاضِیُ الْحَاجَاتِ

کا ہے ہر حاجت کے لیے مجرب ہے۔

۷۸۶

۴۱۷	۴۲۱	۴۲۴	۴۱۰
۴۲۳	۴۱۱	۴۱۶	۴۲۲
۴۱۲	۴۲۶	۴۱۹	۴۱۵
۴۲۰	۴۱۴	۴۱۳	۴۲۵

دیگر

(برائے سختی و دشواری)

ترکیب:۔ یہ نقش معظم آیت کریمہ:۔

لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

کا ہے ہر سختی و دشواری کے لیے اکسیر ہے۔

(نقش صفحہ ۲۸۷ پر دیکھیے)

نقش یہ ہے :۔

۷۸۶

۵۹۳	۵۹۶	۵۹۹	۵۸۶
۵۹۸	۵۸۷	۵۹۲	۵۹۷
۵۸۸	۶۰۱	۵۹۴	۵۹۱
۵۹۵	۵۹۰	۵۸۹	۶۰۰

دیگر

(برائے ہر دکھ درد اور پریشانی)

ترکیب:۔ یہ نقش مبارک یا مالکُ کا ہے ہر دکھ درد اور پریشانی کو دور کرتا ہے
س نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے، انشاء اللہ تعالیٰ کارآمد ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱	۲۶	۲۳
۲۲	۲۰	۲۸
۲۷	۲۴	۲۹

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب:۔ جس شخص کو کسی قسم کی حاجت درپیش ہو اور لوگوں میں عزت و توقیر چاہتا ہو تو اس کو چاہیے کہ اس عبارت کو ۲۷۲ بار روزانہ بوقت صبح بعد نماز فجر دوزانو بیٹھ کر دو گلدستے سامنے لا کر رکھو یا خوشبودار پھولوں کے دو ہار رکھو اور احرام باندھ کر جو کہ خوشبو میں معطر ہو بعدہٗ روئی کی باریک بتی بنا کر اور چنبیلی کا تیل چراغ میں ڈال کر روشن کرے پھر یہ عمل پڑھے جو حاجت ہو دعا کے وقت خدا سے طلب کرے اور اس طرح گیارہ روز پورا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا بہت جلد مقبول ہوگی اس عمل کو عروجِ ماہ نوچندی جمعرات سے شروع کرے مجرب ہے۔

وہ عبارت یہ ہے :۔

يَا عَزِيْزُ عَزِّزْنِيْ فِيْ أَعْيُنِ النَّاسِ ط

دیگر

(نقش برائے امساک)

ترکیب:۔ اس نقشِ مکرم کو لکھ کر موم کے اندر گولی بنا کر ضرورت کے وقت زبان کے نیچے رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جب تک گولی منہ میں رہے گی

امساک رہے گا۔ اس نقش کو سوائے زُحل اور مریخ کی ساعتوں کے ہر ساعت میں لکھ سکتا ہے۔

وہ نقشِ مکرم یہ ہے:۔

۷۸۶

ط	ع ح	د ح ع	ز
م	و	ی	ور
ح ح	ص	و	ط
س	ح	و	و

دیگر

(برائے احتلام)

ترکیب:۔ اگر کسی شخص کو بہت زیادہ احتلام ہوتا ہو تو اس کو چاہیے کہ سوتے وقت اپنے سینے پر شہادت کی انگلی سے

عُمَرْ

لکھ لے اور جس وقت آنکھ کھل جائے تو پھر اسی طرح سینے پر عُمَر لکھ لے جو جائے جتنی دفعہ سوتے سوتے آنکھ کھل جائے۔ دفعہ انگلی سے سینے پر عُمَر لکھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہرگز احتلام نہ ہوگا۔

دیگر

(برائے امساک)

ترکیب:۔ اس نقش کو لکھ کر حاجت کے وقت مرد اپنی زبان کے نیچے رکھے یا دھجی میں لپیٹ کر موم جامہ کر کے اپنی کمر میں باندھے اور زبان کے نیچے رکھا جانے والا نقش بھی موم جامہ کر کے رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ امساک ہوگا مجرّب ہے۔

وہ نقشِ مکرم یہ ہے:۔

۷۸۶

ما	ن	ن	و
ص	د	د	ما
ع	ی	و	س
ع	ھ	ن	م

دیگر

برائے نامردی یعنی جماع پر قادر نہ ہونے کیلیے

ترکیب:۔ جو شخص جماع پر قادر نہ ہوتا ہو خواہ اس کو کسی نے باندھ دیا ہو یا نامرد ہو تو اس کو چاہیے کہ تین روز تک بلاناغہ اس عبارت کو لکھ کر کاغذ کے ٹکڑوں پر

دے اور اس کو دھو کر کاغذ کو نگل لے اور اوپر سے دھویا ہوا پانی پی لے یا چینی کی طشتری پر گلاب اور زعفران سے لکھ کر نہار منہ چاٹ لے انشاء اللہ تعالیٰ عورت پر قادر ہو گا۔

پہلے روز یہ لکھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط کٓہٰیٰعٓصٓ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ اِلٰہِیْ بِحُرْمَۃِ مُحَمَّدٍ وَّ عَلِیٍّ وَّ فَاطِمَۃَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ اَنْ تُعَافِیَنِیْ مِنَ الْعِنَّۃِ وَتَقْدِرُنِیْ عَلَی الْجِمَاعِ بِحِیْلَتِہٖ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

دوسرے روز یہ لکھے:۔

حٓمٓعٓسٓقٓ یَا صَمَدُ یَا فَرْدُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَاٰلِہٖ اِذْ اَنْتَ شَاھِدٌ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اَنْ تُعَافِیَنِیْ مِنَ الْعِنَّۃِ وَتَقْدِرُنِیْ عَلَی الْجِمَاعِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

تیسرے روز یہ لکھے:۔

کٓہٰیٰعٓصٓ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَحَدُ یَا فَرْدُ اَنْ تُعَافِیَنِیْ مِنَ الْعِنَّۃِ وَتَقْدِرُنِیْ عَلَی الْجِمَاعِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

اس عبارت کو بدھ جمعرات یا جمعہ کو لکھے لیکن مشتری کی ساعت میں لکھنا چاہیے بدھ کے روز سورج نکلنے کے بعد سے چوتھا گھنٹہ جمعرات کو سورج نکلنے سے پہلا گھنٹہ

جمعہ کو سورج نکلنے سے پانچواں گھنٹہ نہایت مجرب ہے۔

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب:۔ اگر کسی بچے کو مسان کی شکایت ہو یعنی سوکھے کی بیماری ہو گئی ہو تو اس کو چاہیے کہ چہل کاف کا نقشِ مکرم لکھ کر اس تعویذ کو لوبان کی دھونی دے کر موم جامہ کر کے اس بچے کے گلے میں ڈلوا دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس چہل کاف کے نقشِ مکرم کی برکت سے بچے کے مسان کی شکایت دور ہو جائے گی اور موٹا تازہ فربہ ہوتا چلا جائے گا۔

وہ نقشِ مکرم یہ ہے:۔

۷۸۶

۳۹۰۹	۳۹۰۴	۳۹۱۱
۳۹۱۰	۳۹۰۸	۳۹۰۶
۳۹۰۵	۳۹۱۲	۳۹۰۷

دیگر

(دشمن پر غالب ہونے کیلئے)

ترکیب:۔ جو شخص موم جامہ کر کے اس نقش کو اپنے بازو پر باندھے گا انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں پر کامیابی حاصل کرے گا اور اس کے دشمن ذلیل و خوار ہوں گے۔

وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

یَا عَزِیْزُ

۲۲	۲۷	۲۵
۲۳	۳۱	۲۹
۲۸	۳۶	۳۰

دیگر

(برائے باندھنے عورت اور مرد کے)

ترکیب:۔ یہ نقشِ مکرم مرد اور عورت کے واسطے ہے۔ مرد کے باندھنے کے لیے اگر یہ نقش دے تو یہ عبارت نقش کے نیچے لکھے۔

بستم ذکر فلاں بن فلاں بر فرج فلاں بنت فلاں

اور اگر عورت کے باندھنے کے لکھے تو یوں لکھے:۔

بستم فرج فلانہ بنت فلانہ بر ذکر فلاں بن فلاں بحق

ہٰذہِ الاسماء الاعظم

تا نشت نقش کو باندھ کر پانی کی جگہ دفن کرے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۸۲	۴۹۷	۴۹۴	۴۸۳
۴۸۸	۴۹۰	۴۹۳	۴۸۷
۴۹۲	۴۸۶	۴۸۹	۴۹۱
۴۹۵	۴۸۴	۴۸۱	۴۹۶

دیگر

(برائے ملنے ملازمت و دور ہونے بے کاری)

ترکیب:۔ اگر کوئی شخص بے کار ہو اور اسے ملازمت نہ ملتی ہو تو اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھے۔

اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ط

یہ نقش مکرم اس آیتِ مبارکہ کا ہے اور نقشِ مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲۱	۳۲۴	۳۲۸	۳۱۴
۳۲۷	۳۱۵	۳۲۰	۳۲۵
۳۱۶	۳۳۰	۳۲۲	۳۱۹
۳۲۳	۳۱۸	۳۱۷	۳۲۹

دیگر

(برائے حاجت براری)

ترکیب:۔ یہ دونوں نقش مربع و مثلث قاضی الحاجات کے ہیں۔ ہر حاجت براری کے لیے مجرب و آزمودہ ہیں ان کو زعفران و گلاب سے لکھ کر موم جامہ کر کے بازو پر باندھے۔ ان دونوں نقشوں میں سے جس کو دل چاہے استعمال کرے۔ مربع

شمال رُخ یا مثلث لکھنے والے کا اختیار ہے انشاء اللہ تعالیٰ نا مرم ہوگا
ورنہ مقصد میں کامیاب ہوگا۔
وہ نقش مکرم یہ ہیں۔

۷۸۶

(مربع)

۳۴۳	۳۱۳	۳۱۰	۳۳۴
۳۱۶	۳۳۵	۳۲۰	۳۲۵
۳۲۶	۳۲۹	۳۱۲	۳۳۹
۳۲۳	۳۳۱	۳۲۷	۳۱۱

۷۸۶

مثلث

۲۵۶	۲۵۱	۲۵۹
۲۵۷	۲۵۵	۲۵۳
۲۵۲	۲۶۰	۲۵۴

دیگر

(برائے ڈر سے بچوں کے سوتے وقت چونکنے)

ترکیب:۔ یہ نقش معظم بچوں کے واسطے [illegible] مجرب ہے خصوصاً
ان بچوں کے لیے جو سوتے سوتے چونکتے ہوں یا ڈر جاتے ہوں بے حد مفید

مفید ہے اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے جو بچہ کہ ڈرتا ہو اور جو شخص
حاجت مند ہو وہ لکھ کر موم جامہ کر کے بازو پر باندھے۔
انشاء اللہ تعالیٰ مقاصد میں کامیابی ہوگی۔

۷۸۶

۲۴۹	۲۵۲	۲۵۲	۲۴۲
۲۵۴	۲۴۳	۲۴۸	۲۵۳
۲۴۴	۲۵۷	۲۵۰	۲۴۷
۲۵۱	۲۴۶	۲۴۵	۲۵۶

دیگر

(برائے مسان)

ترکیب:۔ یہ معظم نقش ان بچوں کے لیے کہ جن کو سوکھے کی بیماری ہو بے حد
مفید ہے۔ اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالے۔
انشاء اللہ تعالیٰ بچہ فربہ اور موٹا تازہ ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔
وہ نقش مکرم یہ ہے:۔

۸	۱۱	۶۲۴۷	۱
۶۲۴۶	۲	۷	۱۲
۳	۶۲۴۹	۹	۶
۱۰	۵	۴	۶۲۴۸

دیگر

(آسیب والے کے لیے)

ترکیب: جس شخص کو آسیب کا اثر ہو تو اس کو چاہیے کہ اس نقش کو لکھ کر فتیلہ بنا کر
کورے چراغ میں کہ جس میں پانی نہ لگا ہو سرسوں کا خالص تیل ڈال کر اس فتیلہ کو بغیر روئی
یا کپڑا لپیٹے تیل میں بھگو کر روشن کرے۔ یہ چراغ مریض کی چارپائی کے سرہانے کی
طرح روشن کرے کہ چراغ کی اونچائی مریض کی چارپائی کے سرہانے کی اونچائی کے
برابر رہے۔ اور مریض عورت ہو یا مرد تمام ضروریات سے فارغ ہو کر بیٹھے گا۔
فتیلہ روشن کرنے کے بعد صبح تک اسی طرح چارپائی پر لیٹا رہے گا۔ وہاں سے اُٹھے
گا نہیں اور جو شخص مریض کے سرہانے فتیلہ روشن کرے گا وہ چراغ کی روشنی پر نظر
رکھے گا کہ کس رنگ کی ہے یا کس رنگ کی ہے اس کی روشنی کس رنگ کی ہوتی
ہے اور وہ بتی یعنی فتیلہ کو ختم ہونے کے وقت کسی تنکے سے یا دیا سلائی سے ہلاتا رہے
وغیرہ اور بار بار چراغ میں تیل بھر کر رکھے۔ اور اگر وہ بجھ جائے تو اس کو فوراً
روشن کرے اور خیال رکھے کہ کتنی مرتبہ بجھا اور جب وہ فتیلہ جل کر ختم ہو جائے تو
اس چراغ کو حفاظت کسی اونچی جگہ پر رکھ دے اور پھر اگلے روز اسی طرح اس
نقش کو جلانے کی ترکیب یہ ہے کہ اسی طرح تین روز مسلسل کرے اور ایسا بھی یاد رہے
کہ ایک دن پھر دوسرے روز روشن کرے اس فتیلہ کو اسی وقت روشن کرے کہ جب
سب آدمی سو گئے ہوں اور فتیلہ روشن کرتے وقت گھڑی کا دیکھ لینا بھی ضروری
ہے کہ جس وقت پہلے دن روشن کیا تھا۔ دوسرے روز بھی ٹھیک اسی وقت

روشن کرے جب نقش کا فتیلہ بنانے لگے تو جس کونے پر ۶ کا ہندسہ لکھا ہے اس
طرف سے نقش موڑنا شروع کرے اور ۸ کا ہندسہ اوپر کی طرف رہے اور اس طرف
سیاہی کا نشان لگا دیں اس نقش کو منگل کے دن مشتری یا زہرہ کی ساعت میں لکھے
اور جب دن ختم ہو کر بدھ کی شب آئے تب اس میں شروع کرے اور یہ بھی خیال
رکھنا ضروری ہے کہ پہلے دن چراغ کتنی دیر تک روشن رہا اور دوسرے اور تیسرے
دن کتنی کتنی دیر روشن رہا مریض کو فتیلہ روشن ہوتے وقت چت لیٹا رہنا چاہیے اور
اشد مجبوری میں کروٹ بھی بدل سکتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔ ۱

وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

فرعون قارون ہامان شداد نمرود ابلیس

عسه العدة واتباع الشیطن اگر ملر بزند سوختہ شوند

دیگر

(ہر مقصد کی کامیابی کے لیے)

ترکیب: یہ دونوں نقش سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ کے ہیں۔

ہر مقصد کی کامیابی کے لیے مجرب اور اکسیر ہے۔ دونوں میں سے جس کو دل چاہے استعمال کرے مربع استعمال کرے یا مثلث۔

انشاء اللہ مقصد میں کامیاب ہوگا۔

۷۸۶

(مربع)

۲۰۴	۲۰۸	۲۱۰	۱۹۰
۲۰۹	۹۸	۲۰۳	۲۰۸
۹۹	۲۰۲	۲۰۵	۲۰۲
۲۰۶	۲۰۱	۲۰۰	۲۱۱

۷۸۶

(مثلث)

قٓ	ہ ر	سہ ہٗ
ز ت	قٓ	ہ ر
ز جبر	ز ت	قٓ

دیگر

(بچوں کی ڈھونی کے لیے)

ترکیب: جو بچے روتے بہت ہوں اور ان کو کسی قسم کی تکلیف کان کا درد یا نوند وغیرہ ہو اگر نظر لگ گئی ہو تو اس کا فتیلہ بنا کر اس کی دھونی بچے کو دی جائے

انشاء اللہ تعالیٰ نظر کا اثر بھی جاتا رہے گا۔ اور رونا بھی بند ہو جائے گا۔

لا ۲۸۹۳ طحے

دیگر

(بچوں کی دھونی کے لیے)

ترکیب:۔ مذکورہ بالا عمل کی طرح یہ بھی ہے اسی طرح عمل میں لائے۔

نمرود ھلمان فرعون شداد ۱۲۷۹ ۳۸۸ عجع عجع

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب:۔ یہ نقش مبارک یَاحَیُّ کا ہے ہر حاجت کیلیے مجرب ہے باوضو لکھ کر بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد کامیاب ہوگا۔

یَاحَیُّ

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵

دیگر

(برائے فتوحات)

ترکیب :- جو شخص اللہ کے حکم سے فقر اور مفلسی کو دور کرنا چاہے تو سب سے پہلے وہ تقویٰ اور طہارت اختیار کرے اور منہیات کو ترک کرے اور اکل حلال کی کوشش کرے تاکہ خدا تعالیٰ کی مرضیات کو حاصل کرے۔ اور دنیا کی اذیتوں پر صبر کرے اور سفید کپڑے پہنے اور عمامہ سیاہ ہو پھر جمعرات کو روزہ رکھے۔ اور سرخ کھجور یا سرخ کشمش سے افطار کرے۔ اور دو رکعت نماز عشاء کے بعد ادا کرے اس کے بعد سورۂ کہف کی تلاوت کرے۔ اور قبلہ کی طرف منہ کر کے یہ دعا پڑھے دس ہزار مرتبہ۔

یَا لَطِیْفُ یَا خَفِیَّ الْاَلْطَافِ اَدْرِکْنِیْ بِلُطْفِكَ الْخَفِیِّ
الَّذِیْ مِنْ لُطْفِكَ بِهٖ كَفٰی۔

پھر موکل انسانی صورت میں اس ہیئت سے حاضر ہوگا کہ اس کے ہاتھ میں تلوار ہوگی اور اس کا لباس سفید ہوگا اور وہ عامل سے کہے گا کہ تیری کیا حاجت ہے اور اس سے کچھ خوف نہ کرے پس وہ تجھ کو کچھ نقدی دے گا۔ اور یہ شرط ٹھہرائے گا کہ اس نقدی سے مناسب اشیاء خریدنا اور صدقہ بھی کرنا تو یہ کہنا کہ مجھے کچھ نہیں چاہیے صرف میری اور تیری دوستی ہو جائے۔ اس کے بعد وہ تجھے ایک پتھر سیاہ دے گا جس وقت اس کے بلانے کی تجھے ضرورت ہو تو اس پتھر کو آگ میں ڈالنا پس وہ حاضر ہوگا جب تک کو رخصت کرے تو اس دعا کو پڑھے۔ (دعا صفحہ ۲۰۲ پر دیکھیے)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ تَبَرَّأْتُ مِنْ حَوْلِیْ وَقُوَّتِیْ وَاَلْقَیْتُ
بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ فَاَرِنِیْ عَجَائِبَ صُنْعِ لُطْفِكَ
بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

دیگر

(عمل برائے نکاح مجرّب ہے)

ترکیب :- لکھ موہنی برہاں جال وہی جگا دے سر کو کال۔ اگا سی بھا کی چندے چاہے بھاگ پلا دو پاؤں تلے پڑ جا۔ آسو ٹی ہمیں بھیں ایک کھاٹ بیٹھنا لاکھ موہنی بھاری کرے سلام جاری، جاری، جاری۔ روبرو چراغ جس میں کہ تیل چنبیلی یا خالص گھی جس میں تھوڑی سی کچی کھانڈ ڈال لی جائے اور چراغ روشن کرے۔ مع دھونی لوبان عطر موتیا قسم اوّل تعداد ۱۱۰۰ مرتبہ بخواند۔ اس کا دن نوچندی جمعہ یا اتوار کو کرے۔ حرام کیلئے نہ کرے۔ ورنہ پچھتائے گا عشا کے بعد کرے اور بعد میں اس لڑکی کا نام اس کی والدہ کا نام یا والدین راضی نہ ہوں تو ان دونوں کا نام لے انشاءاللہ ضرور کامیاب ہوگا۔

دیگر

(برائے رعشہ بدن مجرب است)

ترکیب :- جو شخص رعشہ کے مرض میں مبتلا ہو اس کو چاہیے کہ نقش کو لکھ کر اکثر و بیشتر وقتاً فوقتاً دیکھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے بدن سے رعشہ دور ہو جائے

گا اور صحت ہو گی مجرب ہے۔ اس نقش کو مشتری یا زہرہ کی ساعت میں لکھے۔

وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۲۲۴	۲۲۸	۲۳۱	۲۱۷
۲۳۰	۲۱۸	۲۲۳	۲۲۹
۲۱۹	۲۲۳	۲۲۶	۲۲۲
۲۲۷	۲۲۱	۲۲۰	۲۲۲

دیگر

(بھاگے ہوئے کے لیے)

ترکیب :۔ جو شخص بھاگ گیا ہو تو اس کو چاہیے کہ اس نقش کو مشتری یا زہرہ کی ساعت میں لکھے اور چرخے کی مال پر تہہ کر کے اس کو باندھ دیا جائے۔ چرخے کو الٹا چلائے۔ دن میں جتنی بار چل سکتا ہے چھوڑ چھوڑ کر چلاتا رہے جس طرح چرخہ کھوٹ کا اس کا دل بھی پریشان ہو گا اور وہ بہت جلد حاضر ہو گا یعنی لوٹ آئے گا اگر سینکڑوں کوس پر بھی چلا گیا ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ لوٹ آئے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَاھُوْ . یَاھُوْ یَاھُوْ یَامَنْ ھُوَ یَا مَنْ ھُوَ یَا مَنْ ھُوَ یَاھُوْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ بِحَقِّ ھَارُوْتَ وَمَارُوْتَ وَبِحَقِّ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاؤدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَلْفَ بِرَحْمَتِکَ

اَلْحُبِّ فُلَانٍ۔

(مفرور کا نام) بن فلاں (مفرور کی ماں کا نام) علیٰ حُبِّ فلاں (بلانے والے کا نام) بن فلاں (بلانے والے کی ماں کا نام)

دیگر

(عمل برائے ہر مشکل)

ترکیب :۔ حضرت محی الدین جیلانی نے فرمایا ہے جو شخص (۱۱۱) ایک سو گیارہ مرتبہ اس دعا کو پڑھے۔ جو کچھ مشکل رکھتا ہو حق تعالیٰ اس کی ہر مشکل آسان کرے جو کچھ میں نے پایا اس دعا کے پڑھنے سے پایا۔ اس دعا کو فجر یا عشاء کی نماز کے بعد پڑھے اس وقت تک جب تک کہ مقصد میں کامیابی ہو۔

اَللّٰہُ الْکَافِیْ اَلْکَافِیْ اَلْکَافِیْ وَقَصَدْتُ الْکَافِیْ وَجَدْتُ الْکَافِیْ بِکَافِیْ الْکَافِیْ وَکَفٰی بِیَ الْکَافِیْ وَنِعْمَ الْکَافِیْ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ط

اس کے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

دیگر

(فائدہ عجیبہ)

ترکیب :۔ جو شخص اپنے کسی کام میں مشغول ہو اور کوئی شخص اس کے کام میں مخل ہو تو اس کو دور کرنے کے لیے دل ہی دل میں اس دعا کی تلاوت کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص بغیر کہے فوراً اس کے پاس سے چلا جائے گا۔

وہ دعا یہ ہے۔

اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ۝ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ۝ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝

دیگر

(عمل برائے حصول حسن خاتمہ)

ترکیب: جو شخص ہمیشہ دو رکعت اس طریقے سے پڑھے گا۔ یقیناً اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔ ان دو رکعت کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے۔ مغرب کی نماز کے بعد دو رکعت نماز پڑھے۔ دونوں رکعتوں میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر و سورۂ اخلاص اور سورۂ فلق اور سورۂ ناس ایک ایک مرتبہ پڑھے اور چاروں سجدوں میں ۳،۳ مرتبہ اس دعا کو پڑھے۔

دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَوْدِعُكَ دِيْنِيْ وَاِيْمَانِيْ وَاحْفَظْهُمَا عَلَيَّ فِيْ حَيَاتِيْ وَعِنْدَ وَفَاتِيْ وَبَعْدَ مَمَاتِيْ۔

دیگر

(برائے دفع بلغم)

ترکیب: جس شخص کو بلغمی مرض ہو، سات کنکریاں لاہوری نمک کی لے اور ہر کنکری پر سات سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے۔ اور ہر روز ایک کنکری نہار منہ کھائے انشاء اللہ تعالیٰ کلی شفا ہوگی۔

دیگر

(برائے ہر کام بہت ہی مجرب ہے)

ترکیب: جس شخص کو کسی قسم کی پریشانی درپیش ہو مقدمات، کاروبار وغیرہ تو عورت اپنے بائیں بازو پر باندھے۔ اس نقش کو عروج ماہ مشتری یا زہرہ کی ساعت میں لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی پریشانی کے لیے تیر بہدف ثابت ہوگا مجرب المجرب ہے۔

وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۵۹۱۳	۵۹۰۸	۵۹۱۵
۵۹۱۴	۵۹۱۲	۵۹۱۰
۵۹۰۹	۵۹۱۶	۵۹۱۱

(کل اعداد ۱۷۷۳۶)

وہ نقشِ مکرم یہ ہے۔

٧٨٦

دیگر

(برائے خاتمہ بالخیر ہونے کے)

ترکیب:۔ حضرت حکیم ترمذی فرماتے ہیں کہ میں نے رب العزت کو ایک ہزار مرتبہ خواب میں دیکھا ہے اور ہر مرتبہ میں نے خداوند تعالیٰ سے حسنِ خاتمہ کے متعلق دریافت کیا تو حق تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ فجر کی نماز سے پہلے اور اس کے بعد اس دعا کو چالیس یا اکتالیس مرتبہ پڑھا کرے۔

وہ دعا یہ ہے۔

يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ وَ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْيِيَ قَلْبِيْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ اَبَدًا سَرْمَدًا يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ ط۔

دیگر

(جس عورت کا بچہ پیدا نہ ہوتا ہو)

ترکیب:۔ جس عورت کے بچہ نہ پیدا ہوتا ہو اس کو چاہیے کہ اس نقش کو مشتری یا زہرہ کی ساعت میں لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کی ناف پر باندھے تاکہ رحم پر پڑا رہے انشاء اللہ تعالیٰ اس عورت کے بچہ پیدا کرے گا۔ مجرب ہے۔

وہ نقش مکرم یہ ہے:۔

ار	بدوح	بدوح	بدوح
ار	بدوح	بدوح	بدوح
ار	بدوح	بدوح	بدوح
ار	بدوح	بدوح	بدوح

دیگر

(جس عورت کے بچہ پیدا نہ ہوتا ہو)

ترکیب:۔ جس عورت کے بچہ پیدا نہ ہوتا ہو تو اس کو چاہیے کہ اس نقش کو مشتری یا زہرہ کی ساعت میں لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں باندھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس عورت کے بچہ پیدا ہوگا مجرب ہے۔

(نقش صفحہ ٣٠٨ پر دیکھیے)

دیگر

آیاتِ شفاء

(برائے جملہ امراض)

ترکیب:۔ یہ وہ آیتیں ہیں قرآن پاک کی جن کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے ایسے مریض کہ جس کو اپنے مرض کے متعلق پریشانی ہو اور اس کے مرض کا پتہ نہ چلتا ہو یا علاج کراتے کراتے مایوس ہو چکا ہو ان آیاتِ مبارکہ کو چینی کی پاک طشتری پر لکھ کر دھو کر پلائے۔ خدا کے فضل و کرم سے بالکل تندرست و توانا ہو جائے گا اور جملہ امراض اس کے دور ہو جائیں گے۔

وہ آیاتِ مبارکہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۝ فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ ۝ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ط وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ط قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاءٌ

دیگر

(برائے حفاظت زہریلے جانور)

ترکیب:۔ جو شخص چاہے کہ اسے کوئی زہریلا جانور نہ کاٹے یا سانپ یا بچھو سے

محفوظ رہنا چاہے تو اس کو لازم ہے کہ اس آیت شریفہ کو سات مرتبہ صبح اور سات مرتبہ شام روزانہ بلاناغہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ ہر قسم کے زہریلے جانور سے محفوظ رہے گا وہ آیت مبارکہ یہ ہے:۔

سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ط

دیگر

(دعاء واسطے دفع ہونے پھوڑے اور دنبل کے)

ترکیب:۔ اس دعا کو سات مرتبہ پڑھ کر پنڈول مٹی پر دم کرے اور اس مٹی کو باریک پیس کر ہتھیلی پر رکھ کر انگلی پر لعاب دہن لگا کر اس مٹی کو دنبل پر لگا دے اسی طرح کئی روز تک لگا دے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو جاوے گی مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا ط

دیگر

(تعویذ واسطے غیر اہل اسلام)

ترکیب:۔ چاہے ہنود ہو یا نصرانی یا یہودی یا آتش پرست کل بیماریوں کے واسطے اس میں شفا ہے۔

اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْكُفْرُ بَاطِلٌ اَلْاِسْلَامُ نُوْرٌ وَّالْكُفْرُ ظُلْمَةٌ ط

دیگر

(اُس بیمار کیواسطے جس کی بیماری نے طبیبوں کو عاجز کر دیا)

ترکیب:۔ جو شخص کسی طرح کے مرض میں مبتلا ہو اور طبیب یا ڈاکٹر علاج کرتے کرتے عاجز آ گئے ہوں یعنی کسی طرح آرام نہ ہوتا ہو۔ تو اس کو چاہیے کہ اس عبارت کو چینی کی طشتری پر لکھ کر پانی سے دھو کر نہار منہ مریض کو اکیس روز یا چالیس روز مسلسل مشتری یا زہرہ کی یا جس ساعت میں چاہے لکھے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو شفا ہو گی۔ بیمثل ہے اور مجرب ہے۔ اور وہ عبارت یہ ہے۔

یَا حَیُّ حِیْنَ فِیْ دِیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَ بَقَآئِهٖ یَا حَیُّ ط

دیگر

(شیر یا کتا حملہ کرے)

ترکیب:۔ جس شخص کو راستے میں یا کسی جگہ یہ ڈر ہو کہ کتا یا شیر حملہ کریگا یا شیر حملہ کریگا تو اس کو چاہیے کہ فوراً اس آیت شریفہ کو پڑھنا شروع کرے تو کتا یا شیر شور مچانے اور حملہ کرنے سے باز رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

وہ آیت شریفہ یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

وَکَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْهِ ط

دیگر

(نقش برائے ہر کام قصیدۂ غوثیہ)

ترکیب:۔ جس شخص کو کسی طرح کی مشکل درپیش ہو اس کو چاہیے کہ اس نقش کو مشتری یا زہرہ کی ساعت میں لکھ کر موم جامہ کر کے مرد اپنے سیدھے بازو پر اور عورت اپنے الٹے بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہو گی۔

وہ نقش مکرم یہ ہے:۔

۷۸۶

۳۰۹۲۳	۳۰۹۱۸	۳۰۹۱۹
۳۰۹۱۶	۳۰۹۲۰	۳۰۹۲۴
۳۰۹۲۱	۳۰۹۲۲	۳۰۹۱۷

دیگر

(برائے مفرور یا محبت میں کسی کو بیقرار کرنا یا کسی سے نکاح کرنا چاہو)

ترکیب:۔ اگر کوئی شخص کسی کو اپنی محبت میں بے چین کرنا چاہے یا کسی محبت کرنا چاہتا ہے یا بھاگے ہوئے کو واپس بلانا چاہتا ہے تو اس کو چاہیے کہ ایک تازہ انڈا مرغی کا لے کر جو زیادہ دن کا نہ ہو یا تو رات کا دیا ہوا ہو یا صبح کو دیا ہو یا عصر کے قریب دیا ہو لیکر اگر اس پر کچھ لگا ہو تو دھجی سے صاف کر لے اور اس پر ۷۸۶ یعنی بسم

کے عدد لکھ کر حروفِ ابجد الف سے لے کر ط تک لکھے: ا، ب، ج، د، ہ
و، ز، ح، ط یہاں تک لکھ کر پھر مطلوب کا نام اور اس کی ماں کا نام اور پھر اپنا
نام اور اپنی ماں کا نام لکھے اور اس کے بعد آیت شریفہ:۔

وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ط

لکھ کر انڈے کو ایک گڑھا کھود کر زمین میں انڈے کو راکھ میں رکھ کر اس کے اوپر
اتنی راکھ چڑھا دے کہ بھوبھل ڈالنے سے یا آگ اس کے اوپر رکھنے سے جل نہ جائے
بلکہ گرم رہے اور تین دن تک مسلسل اس عمل کو کرے یعنی چوبیس گھنٹے یہ انڈا گرم
رہے اس کی آگ ٹھنڈی نہ ہونے پائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقصد رو بس ہوگا مطلوب
بیقرار ہو کر آئے گا مطلوب کے نام کی جگہ

اَلْحُبُّ فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

اس طور پر لکھے۔

دیگر

(برائے محبت)

پہلی ترکیب: جس شخص کو مطلوب کی محبت درکار ہو اس کو چاہیے کہ نو دن
نوچندی جمعرات کو اس عبارت کو ایک سو مرتبہ پڑھے اور سرمہ کے اوپر
دم کرے اور اپنی آنکھوں میں لگا کر مطلوب کے سامنے جائے۔
انشاء اللہ تعالیٰ محبت کا برتاؤ کرے گا۔
دوسری ترکیب: جو شخص چاہتا ہو کہ میرا مطلوب بے قرار ہو کر فوراً میرے پاس

پہنچے تو اس کو چاہیے کہ اس عبارت کو چھ سو پچاس (۶۵۰) مرتبہ مرغی کے انڈے پر دس
روز تک پڑھے اور پھر زمین میں گڑھا کھود کر اس انڈے کو رکھے اور گرم
راکھ یا آگ کے ذریعے اس کو سینک پہنچائے۔
انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب حاضر ہوگا۔
تیسری ترکیب: ساٹھ ہزار چھ سو (۶۰۶۰۰) مرتبہ مصری پر پڑھے اور مطلوب کو کھلائے
انشاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ مطیع و فرمانبردار رہے گا۔
وہ عبارت تینوں ترکیبوں کے لیے یہ ہے:۔

اَللّٰهُمَّ يَا مُسَخِّرُ سَخِّرْ لِيْ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مُسَخِّرًا لِّيْ بِاللّٰهِ
تَعَالٰى اَللّٰهُمَّ بَيِّنْ لِيْ وَذَلِّلْهُ لِيْ وَسَخِّرْ لِيْ وَاَلِّفْ مُحَبَّتِيْ فِيْ قَلْبِهٖ
وَاجْعَلْهُ رَؤُوْفًا مُّحِبًّا بِحَقِّ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ ط

دیگر

(نافرمان کے لیے)

ترکیب: اگر کسی شخص کی بیوی یا اولاد نافرمان ہو اور وہ انھیں تابعدار کرنا چاہے
وہ اکیس روز تک عشاء کی نماز کے بعد ۵۰۰ مرتبہ اس آیت کو پڑھے
آیتِ شریفہ یہ ہے:۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ
وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ط

دیگر (برائے آسیب زدہ)

ترکیب:۔ اگر کوئی شخص جن بھوت خبیث مرض یا جادو کے اثر میں مبتلا ہو تو یہ تحریر سفید کاغذ پر لکھے اور اس کی پشت پر یہ عبارت لکھے (ہر بلائے کہ در وجود فلاں بن فلاں باشد گرفتہ بسوزند) فلاں بن فلاں کی جگہ مریض اور اس کی ماں کا نام لکھے پھر جانب سے موڑے اور بتی ڈور اپیٹے، بارہویں فتیلہ کی طرف سے روشن کرے اور ... رسی کی طرح ... دے اور ایک ... میں کڑوا تیل ڈال کر سوقت روشن کرے جب سب ہو جائیں اور وہ وقت بالکل بند ہو جاتے مریض کا رخ قبلہ کی طرف ہو جب ... وقت ... رکابی میں رکھے صبح کو مریض کے اٹھنے سے پہلے ان سب ... کنوئیں میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ ... روز کے اندر بالکل آرام ہو جائے گا۔

بحق ابجد

۱۴	۱۹	۱۲
۱۳	۱۵	۱۰
۱۹	۱۱	۶

بحق ... ابجد

دیگر

(برائے عداوت)

... شخصوں میں باہم محبت ہو اور ان میں عداوت کرانی ہو تو

عمل کرے کہ ایک آبخورہ کورہ مع ڈھکن کے لیوے اور سورۂ یٰس شریف ۴۱ بار اس ترکیب سے پڑھے کہ جب خَصِیۡمٌ مُّبِیۡنٌ اور عَدُوٌّ مُّبِیۡنٌ پر پہنچے، آبخورے میں دم کرے اور ڈھکن ڈھک دیوے اور اپنے مطلب کے مطابق دعا مانگے۔ جب اس ترکیب سے پڑھ چکے تو اس بند آبخورے کو بحفاظت تمام لے جا کر اس جگہ پر جہاں وہ دونوں پاس پاس بیٹھے ہوں توڑ دے یعنی زمین پر دے مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلب پورا ہوگا۔

دیگر

(برائے مہمات دینی و دنیوی)

ترکیب:۔ ان سات آیتوں کو بہت خصوصیتیں ہیں۔ خصوصاً کفایت، مہمات دینی و دنیوی کے لیے کوئی دعا ان آیتوں سے بہتر نہیں ہے۔ ان آیتوں کو روزانہ سات بار پڑھے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

۱۔ اِنۡ تَجۡتَنِبُوۡا کَبٰٓئِرَ مَا تُنۡہَوۡنَ عَنۡہُ نُکَفِّرۡ عَنۡکُمۡ سَیِّاٰتِکُمۡ وَ نُدۡخِلۡکُمۡ مُّدۡخَلًا کَرِیۡمًا ۝

۲۔ وَ لَا تَتَمَنَّوۡا مَا فَضَّلَ اللّٰہُ بِہٖ بَعۡضَکُمۡ عَلٰی بَعۡضٍ ؕ لِلرِّجَالِ نَصِیۡبٌ مِّمَّا اکۡتَسَبُوۡا ؕ وَ لِلنِّسَآءِ نَصِیۡبٌ مِّمَّا اکۡتَسَبۡنَ ؕ وَ سۡـَٔلُوا اللّٰہَ مِنۡ فَضۡلِہٖ ؕ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمًا ۝

۳۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ وَاِنْ تَکُ حَسَنَۃً یُّضٰعِفْہَا وَیُؤْتِ مِنْ لَّدُنْہُ اَجْرًا عَظِیْمًا ۝

۴۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَمَنْ یُّشْرِکْ بِاللّٰہِ فَقَدِ افْتَرٰی اِثْمًا عَظِیْمًا ۝

۵۔ وَلَوْ اَنَّہُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَہُمْ جَآءُوْکَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰہَ وَاسْتَغْفَرَ لَہُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰہَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا ۝

۶۔ وَمَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ یَظْلِمْ نَفْسَہٗ ثُمَّ یَسْتَغْفِرِ اللّٰہَ یَجِدِ اللّٰہَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ۝

۷۔ مَا یَفْعَلُ اللّٰہُ بِعَذَابِکُمْ اِنْ شَکَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ وَکَانَ اللّٰہُ شَاکِرًا عَلِیْمًا ۝

دیگر

(برائے موافق ہونے خاوند کے)

ترکیب:۔ اگر کسی کا خاوند غیر عورت سے ناجائز تعلق رکھتا ہو تو عورت کو چاہیے کہ اِن آیت شریفہ کو عروج ماہ نوچندی جمعرات سے شروع کرے اوّل آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف اور ایک ہزار بار اس آیت کو پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے کھلائے گیارہ یوم تک انشاء اللہ تعالیٰ موافق ہو جائے گا۔ اور غیر عورت سے تعلق

چھوڑ دے گا وہ آیت مبارک یہ ہے:۔

قُلْ لَّا یَسْتَوِی الْخَبِیْثُ وَالطَّیِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَکَ کَثْرَۃُ الْخَبِیْثِ فَاتَّقُوا اللّٰہَ یٰٓاُولِی الْاَلْبَابِ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

دیگر

(برائے ہر کام)

ترکیب:۔ جو کوئی اس نقش کو جس کام کے واسطے لکھے گا وہ کام بر آئے گا۔ اگر اپنے بازو پہ باندھے گا تو کسی آفت میں نہ پھنسے گا اور اگر تنگ دست ہو گا رزاق مطلق روزی زیادہ دے گا کبھی محتاج نہ رہے گا صاحب توقیر ہو، دشمن دوست ہو اگر بیمار کے بازو پر باندھے یا گھول کر پلائے مریض شفا پا دے مرض دور ہو جائے اگر حاکم خاص سے ڈرتا ہو تو اپنی ٹوپی یا پگڑی میں رکھ کر اس کے سامنے جاوے وہ مہربان ہو جائے اور اس نقش کی بہت سی خاصیتیں ہیں مختصر تعریف کی گئی ہے۔ وہ نقش مکرم یہ ہے:۔

۷۸۶

الاحد الرحیم ترتیب ۲۹۹	صادق رحمٰن ۳۲۹	قطب ۶۶	مومن ۱۰۲
حی ولی ۲۵	ولی مجیب ۱۰۳	سید کبدی ۲۰۸	سمیع مجیب ۳۳۰
معز مالک ۱۰۴	احد مجیب ۶۸	لطیف ۳۲۷	عفو السلام ۲۸۷
رزاق ودود ۲۲۸	منان مہیمن ۲۸۶	منان وہاب ۱۰۵	محیط ۶۷

دیگر

(آیۃ قطب کے عجیب وغریب اوصاف)

ترکیب:۔ اول جو شخص کہ بعد نماز فجر روزانہ چالیس بار پڑھے جو کچھ چاہے، حق سبحانہٗ وتعالیٰ اس کو عطا فرمائیں گے۔

دوسری:۔ جس کسی کو بادشاہ یا امیر سے کوئی کام درپیش ہو اور مشکل نظر آوے دو رکعت نماز ادا کرکے مصلے پر تین بار یہ آیت پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے منہ پر پھیرے مراد بر آوے۔

تیسرے:۔ جس کسی پر دیو، جن، پری، آسیب کا اثر ہو بائیں کان میں یہ آیت پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ اثر جاتا رہے گا۔

چوتھے:۔ بچھو کے کاٹے ہوئے پر اس کے سیدھے کان میں پڑھ کر پھونک مارے انشاءاللہ صحت پائے گا۔

پانچویں:۔ جو شخص کسی مہم یا جنگ کے لیے، پندرہ، تیرہ مرتبہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ فتح پائے گا۔

چھٹے:۔ جو شخص چار بار پڑھ کر دشمن کے گھر پر پھونک مارے، دشمن کا گھر خراب ہو جائے گا۔

ساتویں:۔ جو شخص دشمن پر غالب آنا چاہے تو بارہ بار پڑھے انشاءاللہ دشمن مطیع ہو جائے گا۔

آٹھویں:۔ جو کوئی سات بار پڑھ کر کسی مجلس میں آوے مجلس والے تعظیم

سے پیش آئیں۔

نویں:۔ جو کوئی نو درہم شہد اور دو درہم دکھنی مرچوں پر دم کرکے کھائے قوت باہ زیادہ ہووے۔

دسویں:۔ جو کوئی روزانہ ہزار بار پڑھے گا روزی زیادہ ہوگی غیب سے رزق پہنچے گا۔

گیارہویں:۔ اگر گھوڑا شرارت کرے تو تین بار پڑھ کر دم کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۞

دیگر

(برائے کامیابی ہر مقصد)

ترکیب:۔ اگر کوئی شخص اس دعا کو سات دن تک ہر روز کاغذ پر لکھے، بعد

دریا میں ڈال دیا کرے، جو نیت کرے گا وہ بخوبی بر آوے گی۔

وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا سُلْطَانُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط

دیگر

(برائے شفایابی بیمار کے)

ترکیب:- اگر کوئی بیمار ہو اور اس پر یہ دعا سات بار پڑھ کر دم کرے وہ بیمار بہت اچھا ہو جائے گا۔

وہ دعا یہ ہے:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ... مَحِلَّهٗ ط فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖۤ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ط

دیگر

چہل کاف

(برائے آسیب زدہ)

ترکیب:- اگر کسی پر آسیب ہو یا جن کی ستاتے ہو تو اس کو [illegible]

چہل کاف کو سات مرتبہ کڑوے یعنی سرسوں کے ایک چھٹانک تیل پر پڑھ کر دم کرے اور اول آخر درود شریف تین تین بار پڑھے اس کے بعد اس تیل کا ایک قطرہ یعنی بوند پچکاری یا ڈراپر سے مریض کے کان میں ٹپکائے۔ پہلے داہنے کان میں ایک بوند پھر بائیں کان میں ایک بوند۔ لیکن یہ خیال رہے کہ یہ بوند تیل کی کان سے باہر نہ آنے پائے بلکہ ہاتھ سے کان کو ہلا کر اندر ہی اس بوند کو پہلے ایک کان میں پھر دوسرے کان میں جذب کر دیا جائے اور اس کے بعد علیحدہ سے سرسوں کا تیل اتنی مقدار میں لے کر کہ تمام جسم پر ملا جا سکے اس سادے تیل میں پڑھے ہوئے تیل کے چند قطرے ملا لے اور مریض کے تمام جسم پر ملے۔ سات دن تک یہ عمل کیا جائے گا۔ ایک دن بیچ کر کے یعنی جس طرح شروعات کی اس دن کے بعد جو دوسرا دن آئے گا اس کو چھوڑ کر تیسرے روز کرے اس طرح سات دن مکمل کرلے۔

انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوگا۔ مجرب المجرب ہے۔

چہل کاف یہ ہے:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً + كِفْكَافُهَا كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ كَلِكٍ + تَكُرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِيْ كَبَدٍ + تَحْكِيْ مُشَكْشَكَةً كَلْكَلَكِ الْكَلَكِ + كَفَاكَ مَا بِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهٗ + يَا كَوْكَبًا كَانَ يَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكِ

دیگر

عمل (دکان کی ترقی کے لیے)

جس شخص کی دکان پر بکری کم ہوتی ہو تو اس نقش کو ساعت مشتری میں لکھ کر گتے پر چپاں کر کے دروازے پر لٹکائے انشاءاللہ تعالیٰ خریدار غیب سے آئے، مال بکنے لگے بخوبی نفع ہو روز بروز بڑھتا جائے نقش معظم و مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۷۳	۸۶	۸۳	۸۰
۸۴	۷۹	۷۴	۸۵
۷۸	۸۱	۸۸	۷۵
۹۶	۷۶	۷۷	۸۲

دیگر

(برائے آسیب)

ترکیب:- ایک کپڑے کا ٹکڑا لے کر ہلدی میں رنگ کر چالیس فتیلہ بنائے ایک فتیلہ روزانہ آسیب زدہ کے سونے کی جگہ روشن کرے اس کے بعد چالیس روز تک ایک ایک فتیلہ کو رات اسی مکان میں روشن کرے۔

انشاءاللہ تعالیٰ آسیب دفع ہو جائیگا

دیگر (برائے آسیب)

ترکیب:- قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝

اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝ اس پوری سورۃ کو بے سین کے (یعنی برب النا - الہ النا) سرسوں کے تیل پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور آسیب زدہ کی کی آنکھ، کان، ناک اور ہاتھ پاؤں کے ناخنوں پر مالش کرے۔

انشاءاللہ شفا پائے گا۔

دیگر

(برائے اطاعت والدین یا آقا)

ترکیب:- اگر کسی کا لڑکا یا نوکر ملازم شرارت کرتا ہو بھاگ جاتا ہو اور والدین یا آقا کی اطاعت نہ کرتا ہو ایسے نافرمان کو اگر مطیع کرنا منظور ہو تو اس آیت کریمہ کو تین سو تیرہ [۳۱۳] دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا یا کسی چیز پر دم کر کے کھلانا، یا لکھ کر بطور تعویذ گلے میں ڈالنا مجرب ہے۔

آیت شریفہ یہ ہے:-

وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِیْمَ وَمُوْسٰی وَعِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ ۪ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّیْثَاقًا غَلِیْظًا ۝ لِّیَسْـَٔلَ الصّٰدِقِیْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابًا اَلِیْمًا ۝

پڑھنے کے لیے اول آخر ۱۱، ۱۱ مرتبہ درود شریف اور لکھنے پڑھنے دونوں میں ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ ضرور ہو۔

دیگر

برائے ہر مصیبت وبیماری کے دفعیہ کے لیے

ترکیب:۔ ہر مصیبت کے لیے، بیماری کے لیے اس آیت کریمہ کا ایک لاکھ پچیس ہزار (۱۲۵۰۰۰) مرتبہ بطور ختم پڑھنا عجیب الاثر ہے وہ بلا جلد دفع ہوگی مریض بہت جلد تندرست ہوگا۔ اگر موت مقدر میں ہے تب بہت آسانی سے خاتمہ بالخیر ہوکر انجام بخیر ہوگا آیت یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ
اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ ط

ختم پڑھنے کے لیے پانچ یا سات یا نو آدمی اور بھی تو گیارہ بھی پڑھ سکتے ہیں۔ ختم پڑھنے کے بعد حسب توفیق شیرینی وغیرہ فاتحہ دے کر بچوں کو تقسیم کر دے اور اگر کسی مریض کے پاس جائے تو اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر سات یا نو یا گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے گا تو شفایاب ہوگا۔

زیادہ سے زیادہ تین دن تک کرے۔

دیگر

(برائے بیدار ہونے وقت پر)

ترکیب:۔ جو شخص سورۃ زلزال کو تین مرتبہ رات کو چارپائی پر لیٹ کر وضو

یا غیر وضو پڑھ کر اور ایک مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ لینا بھی ضروری ہے تین مرتبہ پڑھنے کے بعد زبان سے نام لے کر کہ میں فلاں وقت بیدار ہو جاؤں۔

انشاء اللہ تعالیٰ ضرور بیدار ہوگا۔ اٹھنا نہ اٹھنا اس کی اختیاری بات ہے وہ سورۃ یہ ہے:۔

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا یعنی پوری سورۃ پڑھی جائے گی۔

دیگر

(برائے دل اکھاڑنے، مکان، دکان یا کسی جگہ سے)

ترکیب:۔ اگر کسی شخص کا کسی مکان یا دکان یا کسی جگہ سے دل برداشتہ کرنا یا دل سے اکھاڑنا مقصود ہو تو ان مبارک آیتوں کو اکتالیس مرتبہ تین روز تک پینے کی کسی چیز پر دم کر کے پلانے یا کھلانے سے مقصود حاصل ہو جائے گا۔

آیتیں یہ ہیں:۔

يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ۝ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ۝ قُلُوْبٌ
يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۝ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۝ يَقُوْلُوْنَ
ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ ۝ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ۝
قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ۝ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ
وَّاحِدَةٌ ۝ فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ط

ترکیب دوسری:۔ ان ہی آیتوں کو کاغذ پر لکھ کر کسی درخت میں لٹکانا یا تانبے کے پترے پر کندہ کرا کر کسی پرانے کنوئیں میں ڈالنا بھی یہی مطلب پورا کرتا ہے۔ مگر

نیچے اس شخص کا نام جسے کسی جگہ سے جدا کرنا منظور ہو اور پھر اس جگہ کا نام جہاں سے جدا کرنا منظور ہو۔ درکاغذ پر لکھنا یا پیرے پر کندہ کرانا چاہیے جہاں نام لکھا جائے گا وہاں اس کی ماں کا نام بھی درج ہو اگر ماں کا نام معلوم نہ ہو تو حَوَّا لکھے۔

دیگر

(برائے جدائی ڈالنا دو شخصوں میں)

ترکیب:۔ اگر دو شخصوں میں جدائی ڈالنا منظور ہو تو اس آیت مبارک کو کاغذ پر لکھ کر دونوں میں سے ایک کے تکیے میں رکھے۔ انشاء اللہ فوراً جدائی ہو گی۔

آیتیں یہ ہیں:۔

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ ۝

یہ آیت لکھ کر نیچے فلاں شخص فلاں سے جدا ہو جائے ماؤں کا نام بھی درج ہو جائے اور فلاں کی جگہ اس کا نام اور اس کی ماں کا نام اور دوسرے فلاں کی جگہ اپنا اور اپنی ماں کا نام تحریر کرے۔

دیگر

(خوشحالی اور دشمنوں پر غالب رہنے کیلیے)

ترکیب:۔ جو شخص اس دعا کو ہر روز صبح کی نماز کے بعد، مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ ساری زندگی خوشحالی سے گذرے گی۔ ایک دفعہ پڑھنا بھی کافی ہے۔ اور اسی دعا کو

اگر کوئی شخص لکھ کر کسی کو دے تو جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے گا اس کے دشمن انشاء اللہ مغلوب رہیں گے۔

وہ دعا یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِيْ وَدِيْنِيْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى اَهْلِيْ وَمَالِيْ وَوَلَدِيْ ـ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى مَآ اَعْطَانِيَ اللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا ـ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَعْظَمُ مِمَّآ اَخَافُ وَاَحْذَرُ وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ لَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّرِيْدٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ اِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۝

دیگر

(برائے معلوم کرنے آسیب)

ترکیب:۔ جو شخص اس نقش مکرم کی زکوٰۃ ادا کرنا چاہے۔ اس کو چاہیے کہ ۱۰۱ نقش لکھ کر دریا میں ڈالے۔ اور اس طریقے سے لکھے کہ انار کی لکڑی کا ایک قلم بنائے، اور روزانہ مشتری کی ساعت میں ۲۵ نقش لکھ کر الگ الگ ہر ایک کی آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے۔ سورج کے نکلنے سے لیکر سورج کے غروب ہونے سے پہلے ڈال آئے۔ آٹھ یوم کی اکٹھی یا چالیسویں دن بھی ڈال سکتا ہے آخری دن

یعنی چالیسویں دن پچیس کی بجائے چھبیس نقش لکھے گا۔ تا کہ ایک ہزار ایک کی تعداد پوری ہو جائے۔ زکوٰۃ پوری ہونے پر کسی شیرینی وغیرہ پر حسب توفیق فاتحہ دلا کر بچوں کو تقسیم کر دے۔ اس کے بعد جب ضرورت ہو اس نقش کو لکھ کر آسیب زدہ کو دے وہ اپنے سامنے رکھ کر جس خانہ میں سیاہی کا نقطہ ہے۔ اس کو دیکھتا رہے جس آسیب کا اس پر اثر ہے۔ نقش مکرم کے موکل مریض کے سامنے اس کو لا کر حاضر کریں گے۔ کہ مریض خود دیکھ کر معلوم کرے گا کہ کون سا آسیب ہے۔

نقش مکرم یہ ہے:۔

٧٨٦

٢٢٥٠٨	٢٢٥٠٣	٢٢٥١٠
٢٢٥٠٩	●	٢٢٥٠٥
٢٢٥٠٤	٢٢٥١١	٢٢٥٠٦

دیگر

برائے مغلوب کرنے دشمن کے اور غالب آنے کشتی کے

ترکیب:۔ جو شخص اپنے دشمن کو زیر کرنا چاہے یا کسی کو کشتی کا شوق ہو تو وہ اکھاڑہ میں اترنے سے پہلے اول و آخر درود شریف ٣، ٣ مرتبہ اور اس دعا کو گیارہ بار

پڑھ کر چاروں طرف دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ اپنے مقابل پر غالب رہے گا۔

وہ دعا یہ ہے:۔

لَآ اِلٰہَ کا کوٹ اِلَّا اللہ کی کائی اَللہ کی ڈھائی جو میرا دشمن ہو

ہاتھ میں ہتھکڑی

پاؤں میں بیڑی

گلے میں طوق

دیگر

(برائے حاجت)

ترکیب:۔ جس شخص کو کوئی حاجت ہو صبح کی نماز کے بعد یا عشاء کی نماز کے بعد تین سو دفعہ اوّل آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اس دعا کو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہو گی۔

یَا حَیُّ یَا حَلِیْمُ یَا عَزِیْزُ یَا کَرِیْمُ اس سخت کام کو آسان کر بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ جہاں اس سخت کام کو آسان کر آیا ہے: اس کی جگہ اپنے کام کا نام لے جس وقت مشکل درپیش ہو پڑھے۔ بلا قید عروج و زوال کے۔

دیگر (دشمن کے مغلوب کرنے کیلیے)

ترکیب:۔ قرآن شریف میں چار آیتیں ایسی جامع ہیں کہ جب دشمن کے مقابلہ میں

پڑھی جاتی ہیں تو وہ مغلوب اور مقہور ہو جاتا ہے اور ظالم کے شر کو کافی ہیں۔

۸ آیت میں دس قاف ہیں وہ آیات یہ ہیں:۔

پہلی آیت:۔ اَلَمْ تَرَ اِلَی الْمَلَاِ مِنْ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مِنْ بَعْدِ مُوْسٰی
اِذْ قَالُوْا لِنَبِیٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ
قَالَ هَلْ عَسَیْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَیْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا
وَمَا لَنَاۤ اَلَّا نُقَاتِلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِیَارِنَا وَ
اَبْنَآىِٕنَا ؕ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِیَآءَ
بِغَیْرِ حَقٍّ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ ۝

دوسری آیت:۔ لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِیْنَ قَالُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ فَقِیْرٌ
وَّنَحْنُ اَغْنِیَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِیَآءَ بِغَیْرِ حَقٍّ
وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ ۝

تیسری آیت:۔ اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ قِیْلَ لَهُمْ كُفُّوْۤا اَیْدِیَكُمْ وَاَقِیْمُوا
الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِیْقٌ
مِّنْهُمْ یَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْیَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْیَةً ۚ وَ
قَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَیْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَاۤ اَخَّرْتَنَاۤ اِلٰۤی اَجَلٍ
قَرِیْبٍ ؕ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰی
وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا ۝

چوتھی آیت:۔ وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ ابْنَیْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا
فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ یُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ؕ قَالَ

لَاَقْتُلَنَّكَ ؕ قَالَ اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ ۝

دیگر

(برائے آسیب)

ترکیب:۔ جس شخص پر آسیب، دیو، جن، پریاں وغیرہ کا اثر ہو تو اس کو چاہیے کہ اس فلیتہ کو عشاء کی نماز کے بعد کہ جب کہ لوگوں کی آمد و رفت کم ہو جائے تنہائی میں اس چراغ کو سرسوں کا تیل ڈال کر روشن کرے اور مریض اس کو دیکھتا ہے اسی طرح اس فلیتہ کو تین دن یا پانچ دن عمل کرتا ہے جب فلیتہ روشن ہو کر ختم ہو جائے تو بحفاظت اٹھا کر رکھ دیا جائے۔ اور جب تیل کم ہو جائے تو اسی تیل میں اور نیا تیل ڈال دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ مریض روبصحت ہوگا۔ جو شخص اس فلیتہ کو روشن کرے وہ وہیں رہے اور فوراً چراغ کو اٹھا کر رکھ دے۔ مگر مریض اپنے پلنگ پر لیٹ جائے اُٹھے نہیں فلیتہ یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

سوختم در ایں فلیتہ دیونیاں و پریاں و جنیاں و جوگیاں و گفتاراں دیو
و جادو و ہر آسیب کہ در وجود فلاں بن فلاں را آزاد میدهد آن را

بند کس دہ دریں فلیتہ وچراغ بیار دو خاکستر کُنند بحق علیقا ملیقا طلیقا

انت تعلم ما فی قلوبھم

علیقا شداد، فرعون

قارون، ابلیس

جہا ھر و جبھاروں

دیگر

دشمن پر غالب اور ھر ارادے کے پورا ھونے کے لیے

ترکیب: جو شخص اس نقش کو اپنے پاس موم جامہ کر کے رکھے اگر قتل و غارتگری ہو رہی ہو گی اور وہ وہاں سے گزرے گا تو کوئی دشمن انشاء اللہ تعالیٰ نظر اٹھا کر نہ دیکھے گا۔ اور کسی قسم کا کوئی خوف و خطر اس کو پیش نہ آئے گا۔ اور اگر کسی پریشانی میں مبتلا ہے تو انشاء اللہ فوراً اس کی برکت سے وہ پریشانی دور ہو گی اور جس مجلس میں جائے گا تعظیم و تکریم ہو گی اور اگر وہاں دشمن موجود ہو تو شرمندہ ہو گا اور نظر اٹھا کر نہ دیکھے گا۔

ہر مقصد میں اس کی برکت سے کامیابی ہو گی۔ اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھے۔ مرد سیدھے بازو پر، عورت الٹے بازو پر۔ اور اگر گلے میں ڈالے تب بھی کوئی حرج نہیں۔

مجرب المجرب ہے۔ (نقش صفحہ ۳۲۴ پر دیکھیے)

وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۵۶۱۸	۱۶۵۶۲۱	۱۶۵۶۲۵	۱۶۵۶۱۱
۱۶۵۶۲۴	۱۶۵۶۱۲	۱۶۵۶۱۷	۱۶۵۶۲۲
۱۶۵۶۱۳	۱۶۵۶۲۶	۱۶۵۶۱۹	۱۶۵۶۱۶
۱۶۵۶۲۰	۱۶۵۶۱۵	۱۶۵۶۱۴	۱۶۵۶۲۶

دیگر

(ھر حاجت کے پورا ھونے کیلیے)

ترکیب: جس شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو تو اس کو چاہیے کہ اس صورت کو روزانہ گیارہ بار لکھ کر دریا میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مقصود کو پہنچے گا وہ صورت یہ ہے۔

دیگر

(برائے یرقان جس کو پیلیا کہتے ھیں)

ترکیب: جس شخص کو یرقان کی شکایت ہو تو اس کو چاہیے کہ نیم کی ایک ٹہنی لے کر

اس ٹہنی کی تمام سینکیں الگ توڑ کر معہ پتوں کے ایک جگہ کر لیا جائے اور ان سینکوں
سے مریض کی آنکھوں کو جھاڑتا جائے یعنی سینکیں برابر ہوتا ہے اول تین مرتبہ
درود شریف پڑھے پھر سورہ الم نشرح قل کُلّی معہ بسم اللہ کے پانچ مرتبہ پڑھ کر دم
کرے مریض آنکھوں کو بند رکھے۔ اور پھر نو بار پڑھ کر دم کرے اور آخر میں تین
بار درود شریف پڑھ لے اس طرح سات روز مسلسل کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ مریض شفایاب ہوگا۔

دیگر

(برائے تسخیر)

ترکیب:- جو شخص کسی دوسرے شخص کو اپنا کرنا چاہتا ہو یا اپنے مخالفین کو اپنا موافق
بنانے کی خواہش ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے۔ اور اگر عورت ہے
تو بائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام مخالفین تابع فرمان ہو جائیں گے کوئی مخالفت
کسی سے نہ رہے گی۔ مجرب المجرب ہے وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

اللہ اللہ اللہ

۱۰۰۵	۱۰۱۰	۱۰۰۳
۱۰۰۴	۱۰۰۶	۱۰۰۸
۱۰۰۹	۱۰۰۲	۱۰۰۷

دیگر

(برائے رزق کی زیادتی کے لیے)

ترکیب:- جو شخص چاہے کہ اس کے رزق میں زیادتی ہو تو اس کو چاہیے کہ انار کی لکڑی
کے قلم سے گیارہ تعویذ لکھ کر کسی بھی نماز کے بعد ایک وقت معین کر کے آٹے میں گولیاں
بنا کر دریا میں ڈالے اور اگر دریا قریب ہو تو کسی کنوئیں میں ڈال دے
انشاء اللہ تعالیٰ ایسا کرنے سے بہت جلد رزق کی زیادتی ہوگی ان گولیوں
کو ہر روز سورج چھپنے سے پہلے پہلے ڈال دے۔ مُجرّب ہے۔
وہ نقش یہ ہے:-

۱۸	۲۰	۹
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	یَا بَاسِطُ	۳۰

دیگر

(برائے حل مشکلات)

ترکیب:- جس شخص کو کوئی سخت مشکل درپیش ہو اس کو چاہیے کہ بعد نماز فجر

یا عشاء اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر سُورۃِ قریش یعنی لِاِیْلٰفِ قریش کو ستر (۷۰) بار پڑھے، مع بسم اللہ کے یعنی ایک بار بسم اللہ ضرور پڑھ لے جب تک مشکل آسان نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔
انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مشکل آسان ہو گی۔

(برائے نفع ہونے تجارت میں)

ترکیب :- جو شخص یہ چاہے کہ میری تجارت میں روز افزوں ترقی ہو اور فائدے روز بروز زیادہ ہوتے رہیں تو اس کو چاہیے کہ دکان پر بیٹھا بیٹھا یا ہر وقت اس درود کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ بہت جلد اپنے مقصود کو پہنچے گا۔

وہ درود مبارک یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

دیگر

(دشمن کے مقابلے میں دشمن کو مغلوب کرنے کے لیے)

ترکیب :- اگر کبھی دشمن سے ہم کلام ہونے کا موقع ہو اور اس سے نقصان پہنچنے کا ڈر ہو تو ان اسماء کا برابر ورد کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب

ہو جائے گا وہ اسماء یہ ہیں۔

يَا سُبُّوْحُ ، يَا قُدُّوْسُ ، يَا غَفُوْرُ ، يَا وَدُوْدُ

یہ چاروں کلمے نہایت ہی مجرب المجرب ہیں۔

دیگر

(دشمنوں پر غالب آنے کیلیے)

ترکیب :- جو شخص معرکۂ جنگ میں جائے تو سُوْرَۃِ زِلْزَال یعنی اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا پوری سورۃ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور تھوڑی سی خاک اٹھا کر دشمن کی طرف پھینکے، پھر اپنے سر پر ہاتھ پھیرے اور یہ آیت پڑھے۔

فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِى الْبَحْرِ يَبَسًا لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ○

دشمن پر غالب اور فتح یاب ہو یہ عمل اسرار الٰہی میں سے ہے۔

دیگر

(دشمن کے لشکر پر غالب آنے کے لیے)

ترکیب :- اگر ایک مٹھی خاک پر آیت

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ

اور

ا ب ج د ھ و ز ح ط

پڑھے اور دشمن کے لشکر کی طرف پھینکے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کا لشکر بھاگ جائے گا۔

دیگر

(برائے دور ہونے یرقان یعنی پیلیا کی شکایت)

ترکیب :۔ جس کو یرقان ہو جائے اس نقش کو لکھ کر گھول کر اس پانی سے مریض کا منہ دھلا دے خدا چاہے تو مریض بہت جلد صحت پا دے۔

نقش معظم و مکرم یہ ہے :۔

۷۸۶

۵	۱۶	۲	۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۲	۹	۷	۱۲

دیگر

(برائے ام الصبیان)

ترکیب :۔ [illegible]

کسی بچے کو سوکھے کا مرض ہو یا آسیب وغیرہ کا خلل ہو یا کسی نے جادو کرا دیا ہو ان تینوں کاموں کے لیے اس آیتِ مبارکہ کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں آسیب والے کے گلے میں اور جادو والے کے گلے میں ڈال دے خدا کے فضل و کرم سے تینوں قسم کے مریض صحت یاب ہوں گے وہ آیتِ مبارکہ یہ ہے :۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ اِنَّہٗ لَیْسَ لَہٗ سُلْطٰنٌ عَلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰی رَبِّھِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ ؕ

دیگر

(جو لڑکا روتا ہو یا خواب میں چونکتا ہو)

ترکیب :۔ جو لڑکا روتا ہو یا خواب میں چونکتا ہو اس نقشِ مکرم کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے۔

نقشِ مکرم و معظم یہ ہے فلاں کی جگہ بچہ کا نام۔

۷۸۶

۸	۱۹	۲۲	۱
۲۱	۲	۷	۲۰
۳	فلاں	۱۷	۶
۱۸	۵	۲	۲۳

ایام کے سعد و نحس

یہ دنوں کے سعد و نحس جو لکھے جا رہے ہیں وہ علم نجوم کے اعتبار سے لکھے جا رہے ہیں لیکن شرعاً اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے جہاں تک ستاروں کی رفتار کا تعلق ہے ان کی رو سے ہفتہ کے سات دن بعض کاموں کے لیے اچھے ہیں اور بعض کاموں کے لیے بُرے ہیں۔

ستاروں کی رفتار کے اثرات سے لحاظ سے ساتوں دنوں کے متعلق ہم درج کرتے ہیں۔

اِتوار

یہ شمس کا دن ہے ستارہ اس کا شمس ہے۔ پہلی ساعت میں اگر محبت کا عمل کرے تو کامیاب ہوگا یہ تمام دن اچھا ہے نیا کپڑا پہننے کے لیے بنئے مکان کے جانے کے لیے۔ زمین جوتنے کے لیے۔ بچے کو مکتب میں بٹھانے کیلیے مناسب دن ہے۔ سفر کے لیے بھی اچھا ہے اگر مشرق کی جانب سفر کرے تو بہتر ہے جو فرزند اس دن پیدا ہوگا۔ خوش نصیب ہوگا۔

پیر

یہ قمر کا دن ہے ستارہ اس کا قمر ہے تمام کاموں کے لیے یہ دن مبارک ہے۔ شادی کے لیے، بچے کا نام رکھنے کے لیے، نیا مکان بنانے کیلیے۔ بچے کو مدرسے میں داخل کرنے کے لیے، غسل صحت کے لیے بہت مبارک دن ہے اگر سفر جنوب و غرب کی طرف کرے یقینی کامیاب ہو البتہ بیماری کے لیے یہ دن اچھا نہیں اگر بچہ پیدا ہوگا تو بڑا نیک دل ہوگا۔

منگل

یہ مریخ کا دن ہے ستارہ اس کا مریخ ہے۔ نحس اصغر ہے۔ بعض کاموں کے لیے اچھا ہے۔ اور بعض کے لیے بُرا۔ اس دن اگر نقل مکان اور خرید و فروخت کرے تو کوئی حرج نہیں۔ مگر نیا لباس پہننا اور کتروانا نہ چاہیے، اگر مشرق یا جنوب کی طرف سفر کرے تو کچھ حرج نہیں۔ اس دن جو بچہ پیدا ہوگا۔ وہ نہایت تند مزاج ہوگا۔

بُدھ

یہ عطارد کا دن ہے ستارہ اس کا عطارد ہے یہ دن بھی اچھا ہے، نیا لباس پہننے کے لیے، نئے مکان میں جانے کے لیے، مکتب میں بچے کو بٹھلانے کے لیے۔ زمین جوتنے کے لیے مُبارک دن ہے۔

اگر مشرق و مغرب کی طرف سفر کرے تو کوئی حرج نہیں جو بچہ اس روز پیدا ہو گا وہ صاحبِ تصنیف اور قابلِ وثوق ہو گا۔

جُمعرات

یہ مشتری کا دن ہے ستارہ اس کا مشتری ہے مبارک خیال کیا جاتا ہے اس روز نیا لباس پہننا، ملاقات کرنا، تجارت شروع کرنا، شادی بیاہ کرنا، نیا مکان تبدیل کرنا مبارک ثابت ہوتا ہے۔ خرید و فروخت کے لیے بھی یہ دن اچھا ہے۔

سفر کے لیے یہ دن سب سے بہتر ہے۔ جو بچہ اس روز پیدا ہو گا وہ نیک بخت ہو گا۔

جُمعہ

یہ زہرہ کا دن ہے ستارہ اس کا زہرہ ہے۔ یہ بڑا مبارک دن ہے۔ اس دن تجارت شروع کرنا اور نیا مکان بنانا، شادی بیاہ کرنا، بچے کو مکتب میں بٹھانا بہت ہی مبارک ہے۔

جو کام اس روز شروع کرے اس میں کامیابی ہو۔ اس روز جمعہ کی نماز کے بعد سفر کرنا بہت مفید ہے۔

ہفتہ

یہ زحل کا دن ہے ستارہ اس کا زحل ہے۔ نجومیوں کے نزدیک یہ دن نحسِ اکبر ہے۔ اس روز نئے کپڑے بنانا، قطع کرنا درست نہیں۔

اس روز کوئی نیا کام نہیں کرنا چاہیے۔ اور نہ سفر کرنا چاہیے جو بچہ اس روز پیدا ہو گا اس کی صحت خراب رہے گی۔

علمِ قیافہ

سے

حالات معلوم کرنا

انسانی زندگی میں علم قیافہ بھی ایک نہایت ہی اہم اور ضروری فن تصور کیا جاتا ہے اس علم کی مدد سے ہم کو ظاہری شکل و صورت دیکھ کر ایک انسان کے متعلق صحیح رائے قائم کرنے میں بڑی مدد ملتی ہے ہم مردوں کی نیک و بد خصلتوں کے سلسلے میں کچھ علامات درج کرتے ہیں ان علامات کی مدد سے بڑی حد تک ایک شخص کے متعلق صحیح رائے قائم کی جا سکتی ہے۔

بالِ سر

۱۔ سیاہ ملائم ہوں، دولت مند ہو۔

۲۔ باریک ہوں، حسین نیک مزاج ہو۔

۳۔ سخت تر ہوں، تنگ دست اور بہادر ہو۔

۴۔ سرخی مائل بیٹھے ہوئے تو مفلس و پریشان روزگار ہوگا۔

کاسۂ سر

۱۔ لمبائی ہو تو اقبال و ناز سے بسر کرے۔

۲۔ متوسط ہونا دولت مندی کے آثار ہیں۔

۳۔ زیادہ تر بڑا ہونا مفلسی و پریشانی کا نمونہ ہے۔

پیشانی

۱۔ بلند، خوش نصیبی اور دولت مندی کی علامت ہے۔

۲۔ کشادہ۔ علم و دانش کی علامت ہے۔

۳۔ تنگ اور پست۔ کوتاہی عمر اور بدبختی کی علامت ہے۔

۴۔ ہموار و پست و بلند۔ رنج و محنت کی علامت ہے عمر سختی میں گذرے۔

پیشانی پر تِل

۱۔ بخت آوری کی علامت ہے۔

خطِ پیشانی

۱۔ اگر ایک خط ہے شقیقہ سے شقیقہ تک یعنی ایک کنپٹی سے دوسری کنپٹی تک

تو علامت مال و دولت کی ہے، ورنہ خسرانِ مال ہے۔

۲۔ دو خط سلطنت و درازی عمر کی علامت ہے۔

۳۔ تین خط وزارت و شہریاری کی علامت ہے

۴۔ چار و پانچ خط بے دولتی و درویشی کی علامت ہے

۵۔ اگر کوئی خط نہ ہو تو ترکِ دنیا کی علامت ہے

اَبرُو یعنی بَھنوَیں

۱۔ دونوں باریک خوب صورت کمان کی طرح ہونا دولت و سلطنت کی علامت ہے۔

۲۔ ملی ہوئی بھنویں چوری کی علامت ہے۔

۳۔ اَبرُو کے بال نہ ہونا۔ یا کم ہونا غربت کا سبب ہے۔

۴۔ ابرو کے بالوں کا سخت ہونا بدبختی کے آثار ہیں غربت کا سبب ت

آنکھ

۱۔ اگر سفید یا سیاہ ہوں اور سرخ ڈورے اس میں پڑے رہتے ہوں جمال مندی و خوشحالی و شاہد پرستی کی علامت ہے۔ عورتوں کو اس سے بہت فائدہ پہنچے۔

۲۔ اگر مثل شیروں کے خشم آلود ہوں یعنی غُصّہ بھری ہوئی تو شجاعت و تہور کی علامت ہے۔

۳۔ اگر مثل دیدہ مرغاں ہو (مرغ یعنی آنکھ، جیسا کہ مرغ کن انکھیوں سے دیکھتا ہے) تو بے شرمی اور بے حیائی کی علامت ہے۔

۴۔ اگر آنکھیں بِلّی کی طرح نیلی اور سبز رنگ ہوں۔ تو بدخلقی بے مروتی کی علامت ہے۔

۵۔ مثل چکور کے آنکھوں کا ہونا چالاکی اور بے وفائی کے آثار ہیں۔

پلکِ آنکھ

۱۔ پلکوں کے بال کم ہونا زندگی عیش و عشرت سے بسر ہونے کی علامت ہے۔

۲۔ سخت زیادہ ہونا مفلسی و شوریدہ بختی کی علامت ہے۔

ناک

۱۔ بلند اور بڑی ناک علامت دولت مندی و سعادت کی ہے۔

۲۔ خوب صورت مثل منقار طوطی دخرطوم پہن ہونے سے ذی عقل پرہیزگار صاحب اقتدار ہو یعنی طوطے کی چونچ جیسی ٹیڑھی اور پھیلی ہوئی۔

۳۔ جو درازی و کوتاہی بلند پستی باریکی وفربہی میں میانہ وخوش اندام وخوشنما ہو تو علامت نیکی کی ہے ۔

۴۔ بہت بلند وباریک ولپٹہ دار ہونا علامت سبک ساری کی ہے ۔

۵۔ موٹی چھوٹی پست ہونا علامت کوتاہ تابی (کم عقلی) وپریشانی روزگاری کی ہے ۔

سوراخِ ناک

۱۔ بڑے ہونا بے حیا ہونے کی علامت ہے ۔

۲۔ تنگ ہونا ذی عقل اور باحیا ہونے کا نمونہ ہے ۔

کان اور کانوں کی لَو

۱۔ اگر لمبے ہوں نیک طینت باثروت (دولتمند) رہے عمر دراز ہو

۲۔ اگر درازی وکوتاہی ولاغری وپہناوری (یعنی بیٹھی ہوئی) بحدِ اعتدال ہو علامت نیکی اور اخلاقی پسندیدگی کی ہے ۔

۳۔ نرگوش اگر کنپٹی سے جدا ہوں ، علامت خوشحالی کی ہے ۔

۴۔ اگر موٹے ہوئے مگر باریک ہوں ، علامت خوش حالی کی ہے ۔

۵۔ اگر کان پر بال ہوں تو علامت محنت ورنج کی ہے ۔

چہرہ

۱۔ کتابی آفتابی چہرہ ہونا خوش نصیبی اور اقبال مندی کی دلیل ہے ۔

۲۔ مثل موش (چوہا) وآہو (ہرن) ہونا بدبختی وگداگری کا ثبوت ہے ۔

۳۔ پرگوشت وخوب صورتی ہونا نیک مرد یا اولیا ہونے کے آثار ہیں ۔

۴۔ پلنگ (چیتا) کے چہرہ ہونے سے صاحبِ ثروت وحشمت ہونے کا ثبوت ہے ۔

زبان

۱۔ سرخ زبان علامت دولت ومال کی ہے ۔

۲۔ سفید زبان علامت نکبت وفلاکت ہے ۔

لب

۱۔ سرخ لب علامت سعادت ودولت ہے ۔

۲۔ لب ہائے سیاہ علامت نکبت ومفلسی وبے دولتی ہے ۔

دانت

۱۔ باریک دانت مثل انار کے دانے کے علامت دولت وسعادت ہے

۲۔ سفید دانت علامت دولت و مال ہے یا فقیر و ترک دنیا کی ہے۔

آواز

۱۔ بلند آواز ہونا جاہ و جلال کا ثبوت ہے۔

۲۔ آواز میں بادل کی سی گرج ہونا نیک مردی کے آثار ہیں۔

۳۔ مثلِ طاؤس (مور) کے ہونا دولت مندی و ناموری کا نشان ہے۔

داڑھی

۱۔ سیاہ ملائم ہونا دولت مندی و ناموری کا نشان ہے۔

۲۔ سرخی مائل ہونا بے رحمی و غصّہ کی علامت ہے۔

شگافِ دہن

۱۔ چوڑا در کشادہ منہ ہونا ناقص العقل و پریشان حالی کی علامت ہے۔

۲۔ متوسط کشادگی ہونا اوسط حالت میں بسر ہونے کی دلیل ہے۔

۳۔ تنگ دہن ہونا عمر عیش و طرب میں بسر ہونے کی نشانی ہے۔

ٹھوڑی

۱۔ مدور (گول) ہونا عقل مند و اہل فن ہونے کی علامت ہے۔

۲۔ کوتاہ ہونا، عیبی کا نشان ہے۔

۳۔ ٹھوڑی کا خالی ہونا بدخصالی کی علامت ہے۔

۴۔ بلند ہونا، دولت مندی کی دلیل ہے۔

گردن

۱۔ لمبی ہونے سے شوریدہ بختی و ذلیل ہونے کی دلیل ہے۔

۲۔ متوسط ہونا، اوسط درجہ میں بسر ہونے کی علامت ہے۔

۳۔ کوتاہ ہونا عرامزدگی کی نشانی ہے۔

۴۔ بہت بڑی ہونا چوری کی علامت ہے۔

خطِ گلو

۱۔ ایک خط ہونا عمر طبعی پر پہنچنے کی دلیل ہے۔

۲۔ دو خط نیک بخت و عقل مند ہونے کی دلیل ہے۔

۳۔ تین خط سے صاحب ثروت مگر پُر شکوہ ہونے کا نشان ہے۔

۴۔ چار خصلت پریشانی و بے قراری کا حال ظاہر کرتے ہیں۔

پیٹھ

۱۔ خورد و میانہ علامت دولت و سلطنت ہے۔

۲۔ [illegible] سے درازی علامت ذلت نکبت و بے وقوفی کی ہے۔

بازو

۱۔ دراز بازو علامت دانائی و ہوشمندی کی ہے۔

۲۔ متوسط بازو علامت سعادت و دولت ہے۔

ہاتھ

۱۔ اگر دونوں ہاتھ بیش از قد سے بڑا ہو تو علامت تونگری و شجاعت کی ہے۔

۲۔ اگر بائیں ہاتھ داہنے ہاتھ سے بڑا ہو تو علامت بے حیائی و بدی کی ہے۔

کہنی

شیر کی سی کہنی جو پر گوشت و خوش نما ہو دولت کی علامت ہے۔

۲۔ خشک و باریک بندر کی سی کہنی کے مثل علامت نکبت و فلاکت ہے۔

اُنگلیاں

۱۔ اگر چھنگلیا اپنی برابر والی سے بڑی ہو تو اس بات کی علامت ہے کہ یہ شخص مرتبہ میں باپ سے بڑھ جائے گا۔

پیٹ

۱۔ پر گوشت جس کو ہندی میں توند کہتے ہیں علامت نعمت و دولت ہے

۲۔ پیٹ کا بڑا اور بے گوشت ہونا علامت نکبت و فلاکت (مفلسی محتاجی کی ہے۔

ناف

۱۔ عمیق خوش گوشت علامت مال و دولت ہے۔

رَان

۱۔ ران پر گوشت مثل ران آہو علامت دولت و ثروت ہے۔

۲۔ گھوڑے کی ران کے مانند ہونا علامت دہقانی اور کشادہ روزی کی ہے

۳۔ شیر کی ران کی مانند ہونا علامت دولت و مال کی ہے۔

۴۔ بہت بڑی اور کم گوشت و بدنما ہونا ران کا بزدلی کی دلیل ہے

پنڈلی

۱۔ پنڈلی پر گوشت اور خوش اندام ہونا علامت دولت ہے۔

۲۔ پنڈلی قوی ہونا مثل جاسوس کی پنڈلی کے علامت خوب صورت عورت ملنے کی ہے۔

پاؤں

۱۔ پاؤں کا خوش اندام و پُر گوشت ہونا علامت سعادت و دولت ہے۔

۲۔ کم گوشت اور تلوے کا گہرا ہونا علامت سعادت و دولت ہے۔

۳۔ تلوے کا پُر گوشت ہونا کہ تلوا زمین پر لگے، علامت بدچلنی ہے۔

جَدْوَلْ فَالُ الْاَبجد

۱ ا ا ا	۲ ا ج ج	۳ ا د ا	۴ ا د د	۵ ا ب ا
۶ ا ب د	۷ ا ج ب	۸ ا ب ج	۹ ا ج د	۱۰ ا د ج
۱۱ ب ب ب	۱۲ ب ب ا	۱۳ ب ب د	۱۴ ب ا ا	۱۵ ب ب ج
۱۶ ب ب د	۱۷ ب ا ج	۱۸ ب ج ا	۱۹ ب ا د	۲۰ ب د ا
۲۱ ب ا ب	۲۲ ب ج ب	۲۳ ب د ب	۲۴ ب ج ج	۲۵ ب ج د
۲۶ ب د ج	۲۷ ج ج ج	۲۸ ج ا د	۲۹ ج د ا	۳۰ ج ب د
۳۱ ج ا ج	۳۲ ج د ب	۳۳ ج ب ج	۳۴ ج ج د	۳۵ ج ج ب
۳۶ ج د د	۳۷ ج ا ب	۳۸ ج د ج	۳۹ ج ا ا	۴۰ ا د ب
۴۱ ا ج ا	۴۲ ا ا د	۴۳ ا ا ب	۴۴ ا ا ج	۴۵ ا ب ب
۴۶ ج ب ب	۴۷ د د د	۴۸ د د ب	۴۹ د د ج	۵۰ د د ا
۵۱ د ا ا	۵۲ د ب ب	۵۳ د ج ج	۵۴ د ج د	۵۵ د ب ج
۵۶ د ا د	۵۷ د ا ب	۵۸ د ا ج	۵۹ د ب ا	۶۰ د ج ا
	۶۱ د ج ب	۶۲ د ب د	۶۳ ج ج ا	

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ

وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

امابعد: یہ فالنامہ حضرت دانیال علیہ السلام، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما
حضرت لقمان، حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف منسوب ہے۔ وہ یہ
فرماتے ہیں کہ عامل کو چاہیے کہ بیری کے درخت کی ایک موٹی سی سہی چار انگل کی لکڑی
لیکر اسے چھیل کر چوکور (چارکونے) بنالے، پہلے پہلو پر الف (ا) دوسرے پہلو پر بے
(ب)، تیسرے پہلو پر جیم (ج) اور چوتھے پہلو پر دال (د) کو لکھے۔ یہ چاروں
حروف نیک ساعت میں جمع کیے گئے ہیں۔ یہ بڑے برکت کے حروف ہیں۔ اس
فالنامہ کا نام فال الابجد رکھا گیا ہے۔

جاننا چاہیے کہ جب عامل کے پاس کوئی فال کھلوانے کے لیے آئے تو عامل
کو چاہیے کہ وہ فال کھلوانے والے کو وضو کرائے پھر اس سے سورۂ فاتحہ الحمد
شریف، ایک بار اور سورہ اخلاص (قل ہو اللہ شریف) تین بار پڑھوائے۔ اور جن
بزرگانِ دین کے نام اوپر لکھے ہیں ان کی روحوں کو ثواب پہنچائے اگر فال والے
کو ان کے نام یاد نہ ہوں تو عامل ان کے نام ثواب پہنچاتے وقت اس کو بتاتا
جائے۔ پھر عامل فال والے کو وہ لکڑی دے جس پر حروف لکھے ہوئے ہوں اور دو

اس سے کہے کہ تم جس نیت سے فال چاہتے ہو اپنے دل میں اس کی نیت کر کے
اس لکڑی کو اس تختی پر رڑ کاؤ۔ تین مرتبہ یہ لکڑی رڑکوائی جائے اور ہر بار لکڑی
کے اوپری حصہ پر جو حرف ہو اسے عامل یاد رکھے۔ یا کاغذ پر لکھ لے، پھر ان
تینوں حرفوں کو ترتیب وار لکھے۔ مثلاً پہلی بار الف تھا دوسری بار جیم تھا اور
تیسری بار دال، ان تینوں حرفوں کو اس ترتیب (اج د) سے لکھ لے اب جدول
میں دیکھے۔ جدول کے خانوں میں سے کسی خانے میں یہ تینوں حروف اسی ترتیب
سے لکھے ہوئے ملیں گے اور ان حروف کے اوپر نو کا نمبر لکھا ہوگا اب فالنامہ میں
اسی نمبر پر یہ حروف اس شکل [اب ج] میں ملیں گے وہیں فال کا حال لکھا ہوا ہوگا
اس کو پڑھ کر پورا حال معلوم ہو جائے گا۔

فال نامہ ابجد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱
[ا ا ا]

اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا ط حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ
تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔ اے فال کھلوانے والے تونے جو نیت
کی ہے وہ مبارک ہے اور تجھے کوئی غم والم نہ ہوگا۔ اور اپنا دل خوش رکھ اور
اپنی ہر مراد میں کامیاب ہوگا۔ اور حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال
والے! تونے جو نیت کی ہے حق تعالیٰ تیرے تمام کام بہتر بنائے گا، اور
تجھے بھلائیاں حاصل ہوں گی۔

ا ج ج

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ○ حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اے فال والے خدا کی نعمتوں کا شکر ادا کرتا کہ تیری روزی اور زیادہ ہو جائے اور دیکھ کبھی ناشکری نہ کرنا۔ خدا کی نعمتیں تجھ پر ہوتی رہیں گی۔ سفر و حضر میں تیرے مال کی خدا حفاظت کریگا حضرت لقمان حکیم فرماتے ہیں کہ ہمیشہ تو خدا تعالیٰ سے مدد مانگتا رہ۔ اور ہر وقت خدا کا دھیان رکھ۔ جو چیز تیری گم ہو گئی ہے وہ تجھے ضرور ملے اور اس سے بھی زیادہ بہتر مہربانی ہو۔ صدقِ دل سے انشاءاللہ تعالیٰ کہہ۔

ا د ا

یُرْزَقُوْنَ فَرِحِیْنَ بِمَآ اٰتٰھُمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ ○ وَیَسْتَبْشِرُوْنَ ط حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اے فال والے خدا تعالیٰ کا شکر ادا کر۔ خدا تعالیٰ تیری سب بلاؤں کو دور فرمائے گا۔ حضرت حکیم لقمان فرماتے ہیں اے فال والے صبر کر، اور تو نے جو خواب دیکھا ہے۔ ابھی تو اپنے کام میں لگا رہ۔ انشاءاللہ تعالیٰ کہہ لے۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ اے فال والے تجھے اور تیرے دوستوں کو خوشخبری ہو کہ تجھ پر روزی کے دروازے کھل جائیں گے۔ تو دشمنوں پر فتح پائے گا۔ اور تیرے کام درست ہو جائیں گے۔

ا د د

وَاِنَّ جَھَنَّمَ لَمَوْعِدُھُمْ اَجْمَعِیْنَ ط حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اے فال والے لوگوں نے تجھے بہت کچھ سمجھایا لیکن تجھ پر کچھ اثر نہ ہوا اور نہ دوستوں کا کہنا مانا تو نے اپنا مال برباد کر کے رنج اٹھایا خدا کیلئے ایسے کام نہ کر۔ غریبوں محتاجوں کو صدقہ و خیرات دے اور صبر کر اور برے کام سے دور رہ۔ تاکہ خدا تعالیٰ تیرے کام درست فرمائے۔

حضرت لقمانؒ فرماتے ہیں کہ جو تیری نصیحت نہ مانے اس سے دور رہ۔ تاکہ تیرے سب کام انجام کو پہنچیں تو خود سمجھ دار ہے حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے اگر تو دانا ہے تو ان کاموں سے بچ۔ دیکھ جو شخص خردمند اور دانا ہوتا ہے وہ کبھی زہر نہیں کھاتا اور وہ ان ہونی کا کبھی طالب نہیں ہوتا۔

اب ا

یُبَشِّرُھُمْ رَبُّھُمْ بِرَحْمَۃٍ مِّنْہُ وَرِضْوَانٍ ط حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں اے فال والے تجھے اس فال سے کشادگیِ رزق کی خوشخبری ہو اور ہر طرح تو کامیاب ہوگا اور تو کسی کی جانب سے خوف نہ کر تیرے تمام رنج و غم۔ راحت و آرام سے بدل جائیں گے صدقِ دل سے انشاءاللہ تعالیٰ کہہ لے حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تجھے بشارت ہو تیری روزی کشادہ ہوگی۔ تو گنج و نعمت میں زندگی گذارے گا اور تو محنت و مشقت میں سستی اور کاہلی نہ کر۔ تیرا مقصد ضرور حاصل ہوگا۔

اب د

قُلْ لَّنْ یُّصِیْبَنَآ اِلَّا مَا کَتَبَ اللّٰہُ لَنَا ھُوَ مَوْلٰنَا ط حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال حضرت موسیٰ و حضرت ہارون علیہما السلام کی ہے۔ یہ فال تیری مبارک ہے اور تیرے سب کام اور تیری سب امیدیں پوری ہوں گی اور تجھے ایک خوشی بہت جلد حاصل ہوگی اس کے علاوہ تو بہت سی خوشیاں دیکھے گا۔

کہہ انشاءاللہ تعالیٰ۔

اج ب

اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِہٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا ط حضرت امام جعفرؒ فرماتے ہیں، تیری فال حضرت ہود علیہ السلام کی فال

ہے تیرے بدخواہ تیری تونگری پر حسد کرتے ہیں لیکن تیرا خدا مددگار ہے یہ سال تیرے
لیے بہت مبارک ہے تجھے بہت بھلائیاں حاصل ہونگی اور اگر تیری کوئی چیز گم
ہو گئی ہے وہ تجھے بہت جلد مل جائے گی۔ اور اگر تیرا کوئی آدمی غائب ہو گیا
ہے وہ جلد آ جائے گا۔

۸
اب ج
كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنۡبَتَتۡ سَبۡعَ سَنَابِلَ ؕ حضرت امام جعفر صادق فرماتے
ہیں اے فال والے تو اپنا دل خوش رکھ اور اسی حال میں تو شادمان ہوگا
اور اگر بیمار ہے تو جلد صحت پائے گا اگر تیری تھوڑی سی بھی خسبت ہے وہ پوری ہوگی تیری فال
سے دوست خوش ہوں گے اور تیرے دشمن سرنگوں ہوں گے۔ انشاء اللہ۔

۹
اج د
كُلُوا مِنۡ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقۡنٰكُمۡ ؕ حضرت لقمان فرماتے ہیں اے
فال والے گھبرا نہیں خدائے قدوس تجھے دشمنوں کی زد سے بچائے
گا اور تیرے کاروبار میں خیر و برکت ہوگی۔ تو ہر حال میں خدا کا شکر کر اور حضرت امام جعفر
صادق فرماتے ہیں اے فال والے تجھے خوش خبری ہو کہ خدائے عزیز و برتر تجھے دنیا میں
عزیز و مکرم فرمائے گا۔ وہ تجھے کثرت سے روزی دے گا اور تیرے تمام کام درست
فرمائے گا۔ اور تو تمام غموں سے بے غم ہو جائے گا۔

۱۰
ادج
فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ اَنۡ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ ۖ اِنِّىۡ
كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ ۚ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے
تیری فال حضرت یونس علیہ السلام کی ہے غم نہ کر۔ تیری خوشی بالکل تیرے قریب پہنچی ہے
اور یہ سال تیرے لیے بڑی برکت والا ہے۔
انشاء اللہ تعالیٰ کہہ۔

۱۱
ب ب ب
اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰهِ وَالۡفَتۡحُ وَرَاَيۡتَ النَّاسَ ؕ حضرت امام جعفر
صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال حضرت ادریس علیہ السلام کی ہے
چونکہ خدائے برتر نے ان کی مدد فرمائی تھی تو اپنی کامیابی پر خوش ہو اور تو ہر غم سے
نجات پائے گا اور تیرے کاروبار اچھے ہوں گے۔ اور تیرے تمام مقصود پورے
ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۲
ب ب ا
وَلَا تَعۡثَوۡا فِى الۡاَرۡضِ مُفۡسِدِيۡنَ ؕ حضرت امام جعفر صادق فرماتے
ہیں اے فال والے اپنے کام میں جلدی نہ کر، صبر کر، آخر تیرا کام تو ہو کر رہے
گا اور تو اپنے دل میں جو خیال رکھتا ہے اس سے باز آ، ورنہ تو جان۔

۱۳
ب ب د
اِنَّا عَرَضۡنَا الۡاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَالۡجِبَالِ ط
حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری بڑی امید
پوری ہوگی بہت فائدہ حاصل ہوگا۔ تیری روزہ کشادہ ہوگی۔ تیرے تمام کام درست
ہوں گے۔ تیری حاجت پوری ہوگی۔ شک اپنے دل سے نکال، تیرے دشمن ذلیل
و خوار ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۴
ب ا ا
مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفۡسِهٖ ۚ وَمَنۡ اَسَآءَ فَعَلَيۡهَا ؕ حضرت امام
جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال حضرت لوط علیہ السلام کی
ہے تجھے اس کام میں خوش ہونا چاہیے۔ اپنے حق کام میں لگا رہ، تاکہ خدائے برتر تجھے
اس کام میں بڑی خوشی ہو گا۔ اگر تیرا نکاح کرنے کا ارادہ ہے یا جیسی بھی طلب ہے
تجھے اس کام میں بڑی خوشی ہوگی۔ اگر تیرا نکاح کرنے کا ارادہ ہے یا جیسی
بھی طلب ہے وہ سب حاصل ہوگی۔ یہ تیری فال مبارک ہے۔

۱۵ قَالَ لَا تَخَفْ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۔ حضرت امام جعفر
ب ب ج صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم
کی فال ہے تجھے ایک سفر درپیش ہے وہ تیرے لیے مبارک ہے۔ تیری حاجت
پوری ہوگی۔ جس قدر تو سفر کرے گا تیرے لیے بہتر ہوں گے اور اگر تو نے کسی
کام کا ارادہ کر لیا ہے تو وہ بھی پورا ہو گا۔ حضرت خضر فرماتے ہیں تو نیک مرد
کو نذر حاصل ہو گا۔

انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۶ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا
ب ب د اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے
فال والے تو اس کام سے پرہیز کر یہ کام اچھا نہیں ہے۔ صدقہ دے۔ نیت ان کاموں سے
تجھے کچھ دنوں صبر کرنا چاہیے محتاجوں کو کھانا دینا چاہیے تو خدائے برتر سے مدد
مانگ تاکہ تیری آفت دور ہو۔ تیرے سب کام درست ہو جائیں گے۔

انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۷ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ۔ حضرت امام جعفر
ب ا ج صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال حضرت شعیب علیہ السلام کی
فال ہے خدا تعالیٰ اپنی نعمتیں تجھے پوری عطا فرمائے گا۔ تیری جو حاجت ہو گی وہ تجھے
ضرور ملے گی۔ اور جو تیری مراد ہے وہ پوری ہو گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۸ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ ۔ حضرت امام
ب ج ا جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے اس اندیشے سے بچ تاکہ تو کسی بلا

میں گرفتار نہ ہو اور اس نیت سے دور رہ۔ کیونکہ تیری یہ نیت اچھی نہیں ہے۔ تو
خدا سے دعا کر کہ بلا تجھے نہ پہنچے کچھ صدقہ دے۔ تاکہ خدائے کریم تجھ سے یہ بلا
دور فرمائے۔ آگے تو جان۔

۱۹ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ ط
ب ا د حضرت امام جعفر فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال حضرت جرجیس
علیہ السلام کی ہے اس کام میں تجھے کچھ دولت ملے گی اور تیری حالت اچھی ہو جائے گی
اور تیری روزی کشادہ ہو جائے گی۔ اور تو اپنے دشمن پر فتح پائے گا۔

۲۰ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ ۔ حضرت امام جعفر صادق
ب د ا فرماتے ہیں اے فال والے اس کام کا خیال تک نہ کر۔ اس نیت سے
باز رہ۔ کچھ ضرورت نہیں۔ اگر یہ کام کرے گا، رنج اٹھائے گا۔ اور تو بڑا پچھتائیگا
باقی تو اچھی طرح سمجھ لے۔

۲۱ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ط
ب ا ب حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے چند دن گزر چکے ہیں تجھے
کچھ رنج وملال پہنچے، خدائے برتر نے انھیں دور فرما دیا اب تجھے خدا کا شکر ادا کرنا چاہیے
اور تجھے کسی غائب شخص سے کچھ فیض پہنچے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۲۲ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۔ حضرت
ب ج ب امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال حضرت دانیال
علیہ السلام کی ہے تجھے بالکل یقین کرنا چاہیے تو اپنے دشمن پر فتح پائے گا، اگر تو دشمن سے
ڈرتا ہے تو تجھے اس سے ڈرنا نہ چاہیے۔

۲۳ وَدَرَجٰتٍ مَّغْفِرَةً خَيْرٌ وَّ رِزْقًا وَّهُوَ ط حضرت امام جعفر صادق

ب د ب

فرماتے ہیں اے فال والے تجھے اس کام میں بڑا فائدہ ہوگا۔ خدائے برتر آج تجھے بڑی خوشیاں دکھائے گا۔ تنگ دل نہ ہو خوش رہ۔ تیرے دن بہت مبارک ہیں تجھ پر غیب کے دروازے کھل جائیں گے تو جو مانگے گا خدا تجھے دیگا اور تو سارے غم بھول جائے گا اور تیرا دل نکو بہتر رہے گا واللہ اعلم۔

۲۴ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ط اے فال والے

ب ج ج

اس کام میں تیری کوشش کرنا بیکار ہے تجھے ابھی صبر کرنا چاہیے۔ صبر سے بڑے کام سہل ہو جاتے ہیں تو جس کام کا ارادہ رکھتا ہے۔ تو کر مگر تو کسی بلا میں گرفتار نہ ہو اور صبر سے تو بھلائیاں ہی دیکھے گا۔

۲۵ اِنْ اَسْتَفْتِحُوْا یَعَادُوْنَ ... ط حضرت امام جعفر

ب ج د

صادق فرماتے ہیں اے فال والے تو نے جو نیت کی ہے تو اس نیت سے باز آ اور اس سے بچ۔ اس سے تیرے ہاتھ کچھ نہ آئے گا۔ اپنے لیے مصیبت مول نہ لے۔ خدائے تعالیٰ سے رستگاری طلب کر تاکہ تو کسی بلا میں مبتلا نہ ہو۔ باقی تو جان۔

۲۶ یٰیَحْیٰی خُذِ الْکِتٰبَ بِقُوَّةٍ وَّاٰتَیْنٰهُ الْحُکْمَ صَبِیًّا ط حضرت

ب د ج

امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال حضرت یحییٰ علیہ السلام کی فال ہے۔ اس کام سے اندیشہ نہ کر اور غم نہ کر جو تجھے کچھ بدگمانی پیدا ہو گئی ہے۔ تیری مراد پوری ہوگی۔ اگر تیری کوئی حاجت ہے، پوری ہوگی اگر تو بیمار ہے تو اچھا ہو جائے گا۔ اگر تیرا کوئی عزیز سفر میں ہے خیریت سے واپس آئیگا

اور جو کچھ تو چاہے گا ملے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۲۷ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ط حضرت دانیال علیہ السلام

ج ج ج

فرماتے ہیں نعمت، دولت و قوت تجھے ضرور ملے گی۔ وہ وقت قریب آچکا ہے کہ تیرے سب کام درست ہو جائیں گے۔ حضرت لقمان فرماتے ہیں اگر تیری نیت سفر کرنے کی ہے تو اس سفر میں تیری مراد حاصل ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں۔ اے فال والے تجھے خوشخبری ہو سلامت رہنے کی۔ اور غم سے نجات حاصل ہونے کی۔ تیرے سب کام درست ہو جائیں گے تجھے امید کے پورے ہونگی جو آس لگی ہوئی ہے وہ اچھے طریقے سے پوری ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۲۸ مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ ط حضرت عبداللہ بن عباس

ج ا د

فرماتے ہیں تجھے کوئی غم نہیں پہنچے گا جو تجھ سے غائب ہو گیا ہے اس سے تو شادمان ہوگا۔ اگر تو بیمار ہے تو صحت پائیگا حضرت لقمان فرماتے ہیں۔ تیری بڑی عزت ہوگی۔ اس لیے کہ تیری فال مشتری کی ہے تجھے بڑی کامیابی ہوگی حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیری فال سیدنا سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی فال ہے اپنی کامیابی پر اور اپنی خوش قسمتی پر خوش ہو تیرے سب اندوہ وغم رخصت ہوئے اب راحت ہی راحت ہے۔

۲۹ اَلَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ط حضرت دانیال علیہ السلام

ج د ا

فرماتے ہیں یہ فال بہت سی نعمتوں پر دلالت کرتی ہے حضرت لقمان فرماتے ہیں یہ فال خوشدلی اور خوشحالی کی ہے۔ اور گم شدہ چیز کے ملنے پر خوشی ہوگی

اس کام میں تجھے خوشی حاصل ہوگی۔
حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں

٣٠ ج ب د

قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ ۔ حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں یہ فال بزرگی کی دلیل ہے۔ رب تجھے خلق سے بہت فائدہ پہنچے گا تیری دولت بہت ہوگی کہہ انشاء اللہ تعالیٰ۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے خدا تیرا نگہبان ہے بس تو اسی سے [illegible] تیرا یہ کام پورا ہوگا اور تو بہت خوش رہے گا۔

٣١ ج ا ت

أَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَاءِ فِيهِ ظُلُمَاتٌ وَرَعْدٌ وَبَرْقٌ ۔ حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں جو کام کر رہا ہے سمجھ کر کر۔ اور دشمن سے غافل نہ رہ حضرت لقمان فرماتے ہیں جلدی نہ کر اور چند روز صبر کر [illegible] ہو کہ تو کسی بلا میں گرفتار ہو جائے۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے ہوشیار رہ۔ بقول تیرا ان زمان کوئی ایسا کام نہ کر جس سے شرمندگی اٹھانی پڑے۔

٣٢ ج د ب

[illegible] ۔ حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کہ [illegible] کسی پر ظاہر نہ کر اور توبہ کر۔ اور اس کام کو چھوڑ [illegible] نیت [illegible] سے باز نہیں کرتا جب کہ تیرا کام [illegible] باقی ہو جائے۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے اس کام میں کوشش نہ کر اسی میں تیرے لیے بہتری ہے۔

٣٣ ج ب ج

فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُّنْهَمِرٍ ۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے فتح و کشادگی کی آمد ہے تنگ دل نہ ہو۔

خدا کی نعمتیں تجھ پر زیادہ ہونگی تیرے بند کاروبار کھل جائیں گے اور حاسدوں سے تو دور ہو جائے گا۔ اور تیری روزی کشادہ ہوگی۔ اور تیرا انجام بخیر ہوگا۔

٣٤ ج د د

وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں تیرا ستارہ نحس تھا اب سعد ہوگیا اس کے بعد تجھے قوت اور دولت ملیگی۔ اور تو مراد کو پہنچے گا۔ حکیم حضرت لقمان فرماتے ہیں تیری مثال اس مرد کی سی ہے۔ جو نا امید ہو چکا ہے اور اچانک اس کا کام بن جائے۔ اور پھر آرام ہی آرام ہے اور اس کے بعد تجھے عزت اور دولت ملے گی حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے! تجھے خوش خبری ہو کہ خوف سے بے خوف ہوگیا۔ رنج کے عوض گنج اور درد و غم کے عوض خوشیاں حاصل ہوں گی۔ خدا پر بھروسہ کر اور اس سے ہر وقت مدد مانگ۔

٣٥ ح ج ب

إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوا وَّالَّذِينَ هُم مُّحْسِنُونَ ۔ حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں یہ فال مراد کے پورے ہونے کی دلیل ہے دس دن تک کے بعد مراد پوری ہوگی۔ اور سب کام درست ہو جائیں گے اور حضرت لقمان فرماتے ہیں، تیرا طالع سیدھا ہوگیا ہے تجھے رحمت ملے گی، اور تیرے سب کام درست ہوں گے۔ سچ بولنے کی عادت ڈال اور حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں۔ اے فال والے نیک نہاد اور تو اس کام سے خوش رہ تیری مراد جلد پوری ہوگی۔ تجھے چند دنوں میں بہت خوشیاں حاصل ہوں گی ان سے تو بہت خوش ہوگا۔

انشاء اللہ تعالیٰ کہہ۔

٣٣ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ۔ حضرت امام

ج د د

جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے اس کام میں کوشش کر کبھی کام نہ ہوگا دیکھ اور تو تہمت نہ کر اور خیانت سے پرہیز کر۔

٣٤ [illegible] حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے

ج ب

ہیں اس فال میں خدا کی مدد ہوگی۔ اور تیرے تمام کام پورے ہونگے۔ اور حضرت حکیم لقمان فرماتے ہیں۔ تیرے طالع کا ستارہ قوی ہے تیری تمام مرادیں پوری ہونگی اور تو رنج و غم سے چھٹکارا پائے گا۔ اور اپنے دشمنوں سے نڈر ہو جائیگا۔ اور حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے! تجھے ان کاموں کے پورا ہونے کی خوشخبری ہو اور تو نے جو نیت کی ہے۔ اچھی ہے۔

٣٨ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللّٰهِ۔ حضرت لقمان حکیم فرماتے ہیں

ج د ج

اس وقت تو پریشان ہے جیسا تیرا حال ہو گیا تو اب خوابِ غفلت سے بیدار ہوا ہے۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں۔ اے فال والے جلدی نہ کر اپنا دل خدا سے لگا اور اس سے مدد مانگ۔ توبہ استغفار کر۔ تاکہ تیرا دشمن ذلیل ہو۔

٣٩ وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ۔ حضرت

ج ١١

دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں۔ اس کام سے ہاتھ کھینچے ہوئے کام کو نہ کر۔ یہ کام اچھا نہیں۔ حضرت حکیم لقمان فرماتے ہیں تو اپنے کو دوبارہ ہلاکت میں نہ ڈال۔ خدائے برتر اپنی کتاب میں فرماتا ہے۔ وَلَا تُلْقُوْا بِأَيْدِيْكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ اور حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے اس کام

سے بچ اور اپنے دشمن سے دور رہ۔ اور کچھ نا کاری نہ کر۔ پچھتائے گا۔

٢٠ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ۔ حضرت دانیال علیہ السلام

ذ ب

فرماتے ہیں اس کام میں جلدی نہ کر اور دشمن سے دور رہ۔ تاکہ تو کسی بلا میں گرفتار نہ ہو۔ حضرت حکیم لقمان فرماتے ہیں لوگوں نے تجھے بہت ستایا تو نے زمانہ اور تو نے اپنے کو ہلاکت میں ڈال دیا۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں منافق لوگوں سے دور رہ۔

٢١ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ط

ا ح ١

حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں جو نیک و مدد کرتا ہے اپنے لیے کرتا ہے۔ خدا حافظ و ناصر ہے حضرت حکیم لقمان فرماتے ہیں دل خوش رکھ جو تو مانگے گا ملے گا۔ اور تیرا مقصود بہت جلد حاصل ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اس کام میں چند روز سو اور محنت کر اور کچھ خرچ بھی کر یہ دوست نہیں۔ ان سے نقصان اٹھائے گا۔ اور تو دل قوی رکھ۔ تیرا دوست (خدا) بہت قوی ہے۔

٢٢ وَاحْذَرْهُمْ أَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْ بَعْضِ مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ ط

١١ د

حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں اس کام میں چند روز اور محنت کر اور کچھ خرچ بھی کر یہ تابع ہو جائے گا۔ اگر تو کسی سے یہ کہے گا اس سے تجھے کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ حضرت حکیم لقمان فرماتے ہیں اپنے کام کا انجام سوچ۔ یہ کام ہونیوالا نہیں ہے۔ اور حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے یہ کام اچھا نہیں ہے بلکہ اس میں اندیشہ اور خطرہ ہے۔ خدا پر بھروسہ کر دی کام بننے والا ہے

۴۳
وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۰ حضرت دانیال علیہ السلام

| ۱۱ب |

فرماتے ہیں اگر تو نے کچھ دنوں صبر کر لیا تو تیرا کام ہو جائے گا۔ اب اس وقت کوشش کرنا بے سود ہے باقی تو جان اور حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں لوگ تجھ پر حسد کرتے ہیں تو ان لوگوں سے بچ ورنہ نقصان اٹھائے گا۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تو اپنے اس ارادہ میں صبر کر اور خدا پر بھروسہ رکھ اگر تو نے ایسا کیا تو نہ نقصان اٹھائے گا۔

۴۴
يُرْزَقُوْنَ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۰ حضرت

| ۱۱ج |

امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے تیرا رنج وغم دور ہو گیا بس راحت ہی راحت ہے دل خوش رکھ، تیری مراد پوری ہو گی۔ آمین کہہ۔

۴۵
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ

| ۱ب ب |

وَالْاَزْلَامُ ۰ حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں کام کا آغاز و انجام سوچ۔ دیکھ دشمن گھات میں ہے۔ اور حکیم لقمان فرماتے ہیں جو کچھ خرچ کر رہا ہے وہ ضائع ہو رہا ہے وہ اس طرح جیسے جاری پانی ہیں اینٹ رکھ دیا ہوتا ہے سلامتی اسی میں ہے اس کام سے باز آ۔ اور حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے دشمنی سے پرہیز کر۔ نادان لوگوں اور عورتوں کے کہنے پر کوئی کام نہ کر۔

۴۶
لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۰

| ج ب ب |

حضرت دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں تیرے برابر کوئی بھی بیوقوف ہے گھر کی کنجی جہاں تو رکھتا ہے وہاں ہو گی جب گھر سے باہر آتا ہے تو پریشان ہوتا

ہے اور حضرت حکیم لقمان فرماتے ہیں تیرے اس ارادہ میں فائدہ نہیں ہے۔

۴۷
اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ وَرَاَيْتَ النَّاسَ ۰ حضرت دانیال

| دد د |

علیہ السلام فرماتے ہیں تو کچھ اندیشہ نہ کر، تیری مراد پوری ہو گی حضرت حکیم لقمان فرماتے ہیں اس فال سے پہلی بات گئی اب اس کا بدل ہو گا۔ خدا کے فضل و کرم سے۔ حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں اے فال والے! دشمنوں پر فتح یابی کی تجھے خوش خبری ہو۔ اور جو تو خدا سے مانگے گا ملے گا۔

۴۸
فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا ۰ حضرت

| دد ب |

دانیال علیہ السلام فرماتے ہیں تو کون ہے کہ گمشدہ چیز بھی تجھے مل جائے حضرت حکیم لقمان فرماتے ہیں تیرا طالع سعد ہو گیا ہے، اب تو روزانہ اپنے دوستوں اور اپنے عزیزوں سے بھلائیاں دیکھے گا۔ اور جس بات کا تجھے اندیشہ ہے دور ہو جائیگا۔ اور حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں۔ اے فال والے، خوش ہو، روشنی آچکی ہے تیرا کام ضرور پورا ہو گا۔

۴۹
اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ ط حضرت

| دد ج |

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں اے فال والے تو نے جو نیت کر رکھی ہے اس میں جلدی نہ کر۔ خدا نے تجھے جو دے رکھا ہے قناعت کر اس سے زیادہ طلب نہ کر۔ تو زیادہ زحمت نہ اٹھا، روزی دینے والا تیرا خدا ہے۔ تیری قسمت کا تجھے ضرور ملے گا، صبر کر تو مراد کو پہنچے گا۔

۵۰
اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ط حضرت دانیال علیہ السلام

| دد ۱ |

فرماتے ہیں اگر تیرا سفر کرنے کا ارادہ ہے یا کسی تجارت کرنے کی نیت

ہے تو یہ ارادہ اور یہ نیت تیرے لیے بہت مفید ہے۔ حضرت جعفر صادقؓ فرماتے ہیں اے فال والے! تجھے دولت و سعادت ملے گی۔ جس طرح تیرا دل چاہتا ہے بالکل اس کے موافق۔ انشاء اللہ۔

۵۱

د ۱۱

خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ط حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں اے فال والے تیری یہ نیت اچھی نہیں ہے اس نیت کو چھوڑ اور ابھی صبر کر، اپنی احتیاط کر، تیری مراد ضرور پوری ہوگی۔

۵۲

د ب ب

وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰهُمُ النَّارُ ط حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں۔ یہ آیت فاسقوں کیلیے نازل ہوئی ہے۔ اس نیت سے باز آ ورنہ تو کسی مصیبت میں گرفتار ہو جائے گا۔ اور بادشاہوں سے دور رہ۔ اور ناپاک لوگوں سے بچ اور اپنا راز کسی سے نہ کہنا۔ تو ہمیشہ امان میں رہے گا۔

۵۳

د ج ج

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ط حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں اے فال والے تجھے خوش خبری ہو تیرا یہ ارادہ بہت اچھا ہے تجھے مبارک ہو جو کچھ تو چاہتا ہے تجھے ضرور ملے گا۔ تیری مراد پوری ہوگی۔ تیری نیت بہت جلد پوری ہوگی۔ یقین رکھ۔

۵۴

د ج د

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں اے فال والے! تجھے خوشخبری ہو، یہ فال بہت اچھی ہے اور تیری یہ نیت درست ہے۔ اسی کو اختیار کر۔ جو کچھ تو کرنا چاہتا ہے کر، تیری مراد پوری ہوگی۔ تیری روزی کشادہ ہوگی۔ اور تیرا قرض بھی ادا ہو جائے گا۔ تجھے دولت ملے گی۔ جس سے تو بہت خوش ہوگا۔

۵۵

د ج ب

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ط حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں، اے فال والے! تو نے جو نیت کرلی ہے تجھے بشارت ہو، اپنے دل میں بھلائی کی امید رکھ، دل تنگ نہ رکھ۔ تیرے بند کام سب کھل جائیں گے۔

۵۶

د ا د

وَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيْلًا ط حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں، اے فال والے تو نے جو نیت کی ہے ابھی تجھے صبر کرنا چاہیے، صبر سے سب کام بن جاتے ہیں اگر تو نے جلدی کی تو تو بہت پشیمان ہوگا اس نیت کو چھوڑ دے ابھی یہ کام نہ کر، تیری مراد پوری ہوگی۔

۵۷

د ا ب

لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ط حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں، اے فال والے! تجھے خوش خبری ہو کہ تو نے جو نیت کی ہے نہایت ہی اچھی ہے تجھے بہت مال ملے گا۔ اگر تیرا سفر کا ارادہ ہے بہت اچھا ہے اس سفر میں تجارت کا خیال ہے اس میں بہت نفع ہوگا۔

۵۸

د ا ج

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ ط حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں اے فال والے! اس نیت سے باز آ، اور خدا پر بھروسہ کر، اور جو لوگ تجھے نصیحت کرتے ہیں۔ ان کی نصیحت قبول کر۔

۵۹

د ا ب

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط حضرت امام جعفر صادقؓ فرماتے ہیں۔ اے فال والے! تیری نیت اچھی ہے تو بہت خیر و خوبی پائے گا۔ اگر تیرا مال ضائع ہوگیا ہے تو اس کا بدلہ ملے گا سفر بھی تیرے لیے مفید ہے۔

۶۰ جَزَآءُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ط حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں اے

دج ا | فال والے! تیری فال بہت اچھی ہے تو جن بلاؤں میں گھرا ہوا ہے تجھے ان بلاؤں سے رہائی ملے گی ۔ اگر نکاح کرنیکا ارادہ ہے، مبارک ہے ، خُدا تجھے نیک فرزند دے گا ۔ اگر سفر کا خیال ہے تو سفر کر ، اگر تیرا کوئی عزیز غائب ہے وہ جلد آئے گا تیری ہر مراد پوری ہو گی ۔

۶۱ رَبِّ اغۡفِرۡ لِیۡ وَهَبۡ لِیۡ ط حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں اے

دج ب | فال والے! جو تو نے نیت کی ہے وہ بہت اچھی ہے اس نیت سے تجھے بہت فائدہ پہنچے گا ۔ کوشش میں لگا رہ ۔ تیری مراد پوری ہو گی ، تیرا غائب عزیز بھی جلد آئے گا ۔ تو بہت شاداں ہو گا ۔ ہر اعتبار سے انجام اچھا ہو گا اور تیری ہر مراد پوری ہو گی ۔

۶۲ وَلَوۡ شِئۡنَا لَاٰتَيۡنَا كُلَّ نَفۡسٍ هُدٰٮهَا ط حضرت امام جعفر صادقؑ

دب د | فرماتے ہیں اے فال والے! تجھے خوش خبری ہو کہ تو اپنی نیت درست رکھ اور خدا سے عافیت مانگ تجھے عافیت ملے گی ۔ جو تو کام کر رہا ہے ان میں تجھے خوشی ملے گی ۔ تیری روزی کے بند دروازے کھل جائیں گے ۔ اب تجھے کچھ رنج و غم نہ ہو گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

۶۳ وَلَئِنۡ صَبَرۡتُمۡ لَهُوَ خَيۡرٌ لِّلصّٰبِرِيۡنَ ط حضرت دانیال

ج ج ا | علیہ السلام فرماتے ہیں جلدی نہ کر ، ورنہ پشیمانی ہو گی ۔ صبر کر ۔ تیری مراد پوری ہو گی ۔ آمین کہہ ۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ فرماتے ہیں اگر تیرا سفر کا ارادہ ہے تو سفر نہ کر ، ابھی ٹھہرا رہ ۔ اگر سفر کیا پچھتائے گا اگر بیمار ہے تو کچھ

صدقہ دے ۔ اگر تیرا کوئی عزیز غائب ہے ، ابھی نہیں آئے گا اور حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں ،

"اے فال والے! تو جس قدر محنت و مشقت اور رنج اٹھائے گا کچھ حاصل نہ ہو گا ۔ اس کام کا ارادہ چھوڑ کر ۔ کچھ دنوں ابھی صبر کر ، تیرا کام ضرور ہو گا اور تیری مراد پوری ہو گی "۔

انشاء اللہ تعالیٰ ۔

وَاٰخِرُ دَعۡوٰٮنَا اَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ط

ہدایت

حضرات! اس مجربات میں جس قدر بھی عملیات ہیں، وہ سب فقیر کے آزمودہ ہیں اس میں کوئی بھی ایسا عمل نہیں ہے جو خطا کر جائے ہاں اگر کسی عامل ہی سے کچھ فروگذاشت اور بھول چوک ہو جائے اور عمل کام نہ دے وہ امر آخر ہے ورنہ اپنا تجربہ تو یہی ہے کہ اس مجربات کا ہر ایک عمل اپنی جگہ پر تیر بہدف کا کام دیتا ہے یہ بالکل صحیح ہے کہ عاملین کے لیے متقی پرہیزگار ہونا بہت ضروری ہے۔

عاملین حضرات کو چاہیے کہ ہر حال میں خدائے قدوس کی ذات پر نگاہ رکھیں اور نہایت ہی خشوع وخضوع سے عمل پیرا ہوں اگر ان باتوں کے ہوتے ہوئے بھی کوئی عمل کامیاب نہ ہو تو یہی سمجھنا چاہیے کہ خدائے برتر کی مشیت (اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ط) یہ سب کچھ اسی کے قبضہ میں ہے۔

فقط

ملقب عزیز الرحمٰن پانی پتی غفرلہٗ

۱۳۸۰ھ

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصافِ حمیدہ، کمالاتِ جلیلہ
اور سیرتِ طیبہ

سرور القلوب

بذکر المحبوب

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

امام المتکلمین مولانا شاہ نقی علی خاں بریلوی قدس سرہ العزیز

۱۲۴۶ھ ——— ۱۲۹۷ھ

۱۸۳۰ء ——— ۱۸۸۰ء

والد ماجد امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ

شبیر برادرز ○ اردو بازار لاہور۲